

This PDF you are browsing is in a series of several scanned documents containing the collation of all research material of Prof. Kul Bhushan Mohtra ji.Mohtra ji is currently the State Incharge Library and Documentation Department, J&K BJP Headquarters, Nanaji Deshmukh Library..This material was gathered while he was working on his multiple books on J&K History.All this rare material is now offered to the Community freely.

CV:

Kul Bhushan Mohtra was born on 9th Sep, 1957 in a village Amuwala in Kathua district.

Matric from BOSE, Jammu and Adeeb from AMU. Has been awarded Honorary Professor by School of Liberal Art & Languages, Shobhit University, Gangoh, Distt. Saharanpur, U.P.

Director General, Raja Ram Mohan Roy Library Foundation nominated him as his nominee in the Committee for purchasing of Books for UT Jammu & Kashmir. Incharge of Nanaji Deshmukh Library & Documentation Department at BJP state HQ in J&K.

Actively engaged in political, social, charitable and religious activities. Always striving to serve the poor and downtrodden of the society.

Main works-


A saga of Sacrifices: Praja Parishad Movement in J&K

100 Documents: A reference book J&K, Mission Accomplished

A Compendium of Icons of Jammu & Kashmir & our Inspiration (English)

Jammu Kashmir ki Sangarsh Gatha (Hindi)

Hindustan Standard
Delhi
24.4.52



SRI PREM NATH DOGRA, President of the Praja Parishad, Jammu and Kashmir, (with garlands) was given a reception on his arrival in Delhi at the Railway Station on Wednesday morning.

Jammu Praja Parishad Chief In Delhi

Address At Public Meeting

NEW DELHI, APRIL 23.—Sri Prem Nath Dogra, President of the Jammu Praja Parishad, told a public meeting here today that the Parishad would continue to agitate for the full application of the Indian Constitution to the State of Jammu and Kashmir.

"We also want to enjoy the freedom of Press and platform which the Constitution of India guarantees to all its citizens and of which the people of the State are deprived. We want the jurisdiction of the Supreme Court of India to be extended to the State so that liberty of the individual is guaranteed and enforced in the State also," he said.

Sri Dogra refuted the charge that the Parishad was a communal organisation and said its main aim was to educate the people of Jammu, who were politically more backward than the people of Kashmir.

Referring to the recent student agitation in Jammu, he said as a citizen he surely sympathised with the school children, but as President of the Parishad he scrupulously avoided being entangled in the affair.—P.T.I.

Sheikh Abdullah And Communalism

Sir,—Since Prime Minister of Kashmir, Sheikh Abdullah's statement of April 11, our Prime Minister Sri Nehru has said that he did not like the tone of the speech and we read with pleasure your excellent editorial "Kashmir" in your issues of April 15-16.

Sheikh Abdullah wanted to clarify his statement and even his latest has not satisfactorily done so. Where was the justification for the most uncalled for speech? One should remember that the Indian boys sacrificed themselves for and are still defending that land and India is yet spending crores for it.—Yours, etc., ANNADA PRASAD MAJUMDAR, Advocate, Calcutta.

Veer Bharat & daily Delhi 24.8.

کشمیر کی سیاست

شیخ عبداللہ کدھر جا رہے ہیں

شیخ عبداللہ کی حالیہ تقریر پر جو نکتہ چینی ہو رہی ہے۔ نیشنل کانفرنس کے ترجمان "نیا کشمیر" نے اس کی ذمہ داری کشمیر گورنمنٹ کے محکمہ اطلاعات پر ڈالی ہے۔ وہ لکھتا ہے " اس تقریر کا مفہوم الٹا ملکی اخبارات کو بھیجا گیا۔ اور غلط مفہوم سے سارے ہندوستان میں کہرام مچ گیا۔ پاکستان کے جاگیردار حکمران کرسیوں سے اچھل پڑے اگر آج ہندو حامی بھی کشمیر کی پوزیشن سے بے بہرہ ہیں۔ تو اس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ نشر و اشاعت پر عاید ہوتی ہے۔ کہ وہ پورے ۴ سال میں اپنے ہی گھر والوں (ہندوستان) تک کو اپنے گھر کے حالات سے آگاہ نہیں کر سکا۔ آج جو شکوک پیدا کئے جا رہے ہیں۔ وہ گذشتہ واقعات اور خالص جذبات کی روشنی میں قطعی بے بنیاد نظر آتے ہیں۔ کیونکہ ان شکوک کا مطلب یہ ہے کہ کہا جا رہا ہے کہ شیر کشمیر یا جموں و کشمیر کے رہنے والے اب ہندوستان کی بجائے پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ لیکن یہ کہنے والے شاید یہ نہیں سوچتے کہ قائد اعظم اور ان کی جماعت نیشنل کانفرنس نے اس وقت جب کہ ہندوستان بھر میں فرقہ پرستی انتہا پر تھی۔ اور عوام گمراہ ہو کر مذہبی جنون کی حد تک پہنچ گئے تھے۔ اس وقت نیشنل کانفرنس نے جموں و کشمیر کے رہنے والوں کو فرقہ پرستی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بچائے رکھنے کے لئے ان کے سامنے اقتصادی پروگرام پیش کیا۔ کبھی بھی فرقہ وارانہ رنگ میں نہ سوچا گیا۔ چنانچہ جب آنجہانی مسٹر محمد علی جناح خود کشمیر آئے۔ اور انہوں نے مسلم اکثریت کو اسلام کے نام پر مسلم لیگ کی حمایت کی دعوت دی۔ تو تاریخ شاہد ہے کہ لوگوں نے ان کا ساتھ دینے سے صاف انکار کر دیا۔ اور "نیا کشمیر زندہ باد۔ نیشنل کانفرنس زندہ باد" کے فلک شگاف نعروں سے مسٹر محمد علی جناح کو الوداع کہا۔ اور انہیں کشمیر چھوڑنے پر مجبور کر دیا گیا۔

۱۹۴۷ء میں جب پاکستان کا تخیل ایک حقیقت بن گیا۔ تو مسلم لیگ نے نہیں بلکہ گورنر جنرل پاکستان اور مسٹر لیاقت علی نے نہیں بلکہ وزیر اعظم پاکستان نے کھلے الفاظ میں یہ پیشکش کی۔ کہ صرف شیر کشمیر الحاق کے لئے ہاں کہہ دیں۔ دنیا بھر کی مراعات کشمیر کے لئے حاضر ہیں۔ لیکن نیشنل کانفرنس اور اس کے راہنما یہ جانتے تھے۔ کہ مذہبی مناظر کی بنیادوں پر کھڑے پاکستان اور اس کے جاگیردار حکمرانوں کو نیا کشمیر کا پروگرام کبھی بھی اور کسی صورت میں بھی قابل قبول نہ ہوگا۔ حالانکہ پاکستان کشمیر چاہتا ہے۔ بغیر عوام کے پروگرام کے۔ اس لئے نیشنل کانفرنس نے پاکستان کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔

قائد اعظم شیر کشمیر کی رہنمائی میں جموں و کشمیر والے سیاسی آزادی حاصل کر چکے ہیں۔ اور اقتصادی آزادی کی طرف ان کے قدم اٹھ چکے ہیں۔ اسے آگے بڑھتے ہوئے قدم روکے نہیں جا سکتے۔ اور اس سیاسی امتیازی پوزیشن اور جغرافیائی محل وقوع کے پیش نظر ہی بھارت کے آئین میں دفعہ ۳۷۰ مخصوص کی گئی۔ جس کی حمایت [illegible] دانشوروں نے کی۔ اور سردار پٹیل نے [illegible] پیش کر دیا۔ اس کی رو سے جموں و کشمیر کو [illegible] دیا گیا۔ کہ وہ اندرونی نظم و نسق کے لئے اپنا آئین خود مرتب کریں۔ اور جس کی منظوری بھی دی گئی ہے۔"

کشمیر میں

پروفیسر عبدالمجید خان نے شیخ عبداللہ کو بھارت کے مسلمانوں کا واسطہ دے کر یہ کہا ہے کہ وہ غصہ تھوک دیں۔ اور کچھ عرصہ کے لئے مون برت دھارن کر لیں۔ شیخ صاحب تو شاید ایسا کر بھی لیں گے۔ لیکن ان کے بعض ساتھیوں سے احتیاط کی امید فضول ہے۔ جب مہاراجہ کی حکومت تھی۔ اس وقت تو ڈوگرہ راج کے مظالم کے ذکر کے کوئی معنی بھی تھے لیکن اب ڈوگروں کے خلاف پراپیگنڈہ کرنے کا نتیجہ سوائے اس کے نہیں ہو سکتا کہ ڈوگرہ (صوبہ جموں) اور کشمیر کے لوگوں کے تعلقات خراب ہو جائیں۔ یاد رہے کہ ڈوگروں میں ہندو مسلمان دونوں شامل ہیں۔

کشمیر یونیورسٹی کے انٹرمیڈیٹ امتحان کے ایک ممتحن کو نہ جانے کیا سوجھی۔ کہ اس نے ڈوگروں کے مظالم کا ذکر پرچے میں بھی کر دیا۔ جو پرچہ امیدواروں کو دیا گیا۔ اس میں "ڈوگرہ راج اور ڈوگرہ فوج کے وحشیانہ مظالم اور ڈوگرہ راج کو ختم کرنے کے لئے کشمیریوں کی کوششیں" کے الفاظ نمایاں تھے۔ ان طلبا میں جو قومیت کے لحاظ سے ڈوگرے ہیں۔ اس پر سخت بے چینی پیدا ہوئی۔ اب یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے اس کے لئے معذرت ضرور کر دی ہے لیکن اس واقعہ سے ظاہر ہے کہ ڈوگروں کے خلاف نفرت انگیز پراپیگنڈہ کر کے ریاست کے بعض سیاستدان اور ان کے زیر اثر ماہرین تعلیم صوبائی تعصب اور پھوٹ کے کتنے غلط راستے پر جا رہے ہیں۔ انہیں کون سمجھائے کہ ان کا یہ طرز عمل کشمیر سے دوستی نہیں بلکہ دشمنی کرنے کے مترادف ہے۔

جموں کے ایک کالج میں بھارت کے قومی جھنڈے کے ساتھ ساتھ ایک پولیٹیکل پارٹی یعنی کشمیر نیشنل کانفرنس کا جھنڈا لہرائے جانے پر پچھلے دنوں ایک زبردست گڑبڑ ہوئی اور اس کے نتیجے کے طور پر دنیا کو گرفتاریوں اور [illegible]یوں کی خبروں کے درمیان کشمیر گورنمنٹ اور پرجا [illegible] کی ناخوشگوار بحث سننے کا موقعہ بھی ملا۔ سنتا ہے [illegible] جھنڈے کو اپنے وقار کا سوال بنا کر پھر اسی طرح لہرانا چاہتے ہیں۔ اصولاً یہ درست ہو یا غلط [illegible] کا تقاضا یہی ہے کہ شرارت کو ابھرنے نہ دیا جائے۔ تفرقہ انگیزی سرکاری پارٹی کے اندر ہو یا باہر۔ اسے دبا دینا چاہئے۔

Milap Daily Delhi 24.4.

نیشنل کانفرنس کے علاوہ کشمیر سٹیٹ کی تمام پارٹیوں کی کانفرنس بلائی جائیگی

پرجا پریشد کی ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ - پریشد کے لیڈران صلاح مشورہ کیلئے دہلی کو

جموں - ۲۲ اپریل، پرجا پریشد نے سٹیٹ کی تمام اسمبلی پارٹیوں کی جن کا نیشنل کانفرنس سے کوئی تعلق نہیں ہے، ایک میٹنگ بلانے کا فیصلہ کیا ہے - یہ فیصلہ پرجا پریشد کی ورکنگ کمیٹی کی حالیہ میٹنگ میں کیا گیا تھا - جو کہ جموں میں ہوئی تھی - پریشد کے پردھان شری پریم ناتھ ڈوگرہ اور چیف آرگنائیزر شری شام لال آج دہلی میں پریشد کے جلاوطن لیڈروں کے ساتھ صلاح و مشورہ کرنے کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔

جنتا کی آواز

کشمیر کے متعلق بحث ختم کی جائے

پچھلے ہفتے رنبیر سنگھ پورہ میں شیخ محمد عبداللہ صاحب نے جو تقریر کی، اور جس پر ہندوستان کے پریس اور ذمہ دار لیڈروں نے نکتہ چینی کی تھی۔ اس کے بعد کچھ لوگوں نے اس پر مختلف زاویوں سے بحث کرنا ایک شغل سا بنا لیا ہے لیکن اس تقریر کے متعلق سرکاری بیان اور شیخ صاحب کی تقریروں میں بتایا گیا ہے۔ پریس نے اس تقریر کو توڑ مروڑ کر شائع کیا ہے اب یہ بحث مباحثے ختم ہو جانے چاہئیں شیخ صاحب ریاست جموں و کشمیر کے ہندو مسلمانوں اور سکھوں کے مسلمہ لیڈر ہیں۔ اور ہمیں انکی ذات پر مکمل اعتماد ہے۔ جو لوگ کشمیر کے متعلق صحیح پوزیشن کو نہ سمجھنے کی جان بوجھ کر کوشش کر رہے ہیں، وہ نہ تو کشمیریوں اور نہ ہندوستان کے مفاد کی بات کر رہے ہیں۔ وہ ہندوستان اور کشمیر کے درمیان دوستی کا جو رشتہ قائم ہے اور جسے ہم چاہتے ہیں کہ یہ مضبوط تر بنایا جائے، کمزور کر رہے ہیں، ان کی یہ حرکات دشمنی کے مترادف ہیں۔

(دینا کرشن سیکرٹری پریم سبھا جموں)

Tej daily
25-4-52

اور پراپیگنڈے کا اثر

شیخ صاحب نے اب کہہ دیا کہ پاکستان ان کی تقریروں سے فائدہ اُٹھانے کی کوشش نہ کرے۔ لیکن جو سانپ نکل گیا اس کی لکیر پیٹنے سے کیا فائدہ؟ شیخ صاحب نے تقریر کی اور ہندوستانی اخباروں کے ایک طبقہ نے اس کی اڈیٹر لکھنا شروع کر دیا کہ ہندوستان کے مسلمان غیر محفوظ ہیں اور ابھی تک فرقہ وارانہ فساد ہو رہے ہیں۔ پاکستان نے اس سے فائدہ اُٹھایا اور مڈل ایسٹ کے ملکوں نے ان تقریروں اور تحریروں کے اقتباس دے کر ہندوستان کے خلاف پراپیگنڈہ شروع کر دیا۔ اس طرح کا ایک مراسلہ ایران کے اخبار "نوائے وقت" میں چھپوایا گیا ہے جس میں درج ہے کہ

"شیخ صاحب کی تقریر سے ظاہر ہو رہا ہے کہ مسلمانوں کے قتل لوٹ مار اور گھروں کو آگ سے شیخ صاحب کے دل میں خوف و ہراس پیدا ہو گیا ہے۔"

اس مراسلے میں اور بھی بہت کچھ درج ہے۔ "الجمعیۃ" اب صفائی پیش کر رہا ہے لیکن وہ جو کچھ لکھ چکا ہے اس سے فائدہ اُٹھانے والے تو فائدہ اُٹھا چکے۔

ایڈیٹر کی ڈاک سے

کشمیر کا سوال

شیخ عبداللہ میرے قدیم دوستوں میں سے ہیں۔ میرے دل میں ان کے اوصاف اور خیالات کے لئے ایک خاص عقیدت ہے۔ کیونکہ میں نے نہایت قریب سے ان کا مطالعہ کیا ہے۔ انسانیت اور غیر فرقہ داری میں ان کا قدم کبھی نہیں ڈگمگایا۔ ... مندوں کا قول ہے کہ وہ انسان کی نسبت اس کی موت سے پہلے کوئی آخری فتوے نہیں دیتے۔ شیخ صاحب کی جموں رنبیر سنگھ پورہ والی تقریر پر کافی لے دے ہو رہی ہے۔ ہندوستان اور پاکستان میں اہل غرض اپنے اپنے نظریہ سے اسے اچھال رہے ہیں لیکن انہیں معلوم نہیں کہ اس کا اصلی مقصد کیا ہے۔ پنڈت جواہر لال نے اس سلسلہ میں جو کہنا تھا کہہ دیا۔ دوسری طرف سے بھی وضاحتی بیان نکل چکے ہیں۔ ہندو اور مسلم اخباروں کا فرض ہے کہ وہ جواہر لال کی توجہ ادھر دلانے سے زیادہ کوئی بات نہ کریں۔ اہل کشمیر کو اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا یقیناً پورا حق ہے اور ہندوستان کے ادھیکاروں کی رکھشا کرنا جواہر لال خوب جانتا ہے۔ اس لئے ایسے نازک مسائل کے حل کے لئے جواہر لال کے ہاتھ مضبوط بنانے چاہئیں۔ شیخ عبداللہ افغان بھی ہیں اور ہندوستانی بھی۔ جواہر لال نے ہندوستان کے مستقبل کا فیصلہ کیا اور ایک راہ بنا دی۔ شیخ عبداللہ بھی کہتے ہیں کہ وہ گاندھی جی کے رستے پر چلیں گے۔ وہ جواہر لال کی لیڈرشپ میں یقین رکھتے ہیں صرف ان کا کہنا یہ ہے کہ خدانخواستہ جواہر لال کو کچھ ہو جائے تو پھر کیا ہو؟ مجھے ان الفاظ پر افسوس ہے۔ کیونکہ لیڈر سادر ڈر اُٹھتے نہیں ہوتے۔ شیخ صاحب یہ ڈر کا کھوٹا ہے کیوں کھڑے ہو گئے۔ یہ میری توقع کے خلاف ہے کیونکہ میں یقین نہیں کرتا کہ گاندھی اور جواہر کا ہم سفر ایسی بات ... کہ ...

[illegible]

[illegible] پرجا پریشد کانفرنس بلائے گا

تمام اپوزیشن عناصر کو دعوت

جموں ۲۳ اپریل (نامہ نگار) پرجا پریشد نے سٹیٹ میں تمام اپوزیشن عناصر کی میٹنگ بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ فیصلہ پریشد کی ورکنگ کمیٹی ... [illegible] ... شری ... [illegible]

Tej 25.4.52

لاجونتی کے پھول نہ بنو

ہمیں خوشی ہے کہ "انجمنیہ" کو بھی آخر کار یہ تسلیم کرنا پڑا کہ "ہندوستان میں ہندو مسلم تعلقات خراب نہیں بلکہ خوشگوار ہیں۔ مسلمانوں کو ملک کے اکثریتی طبقہ سے بحیثیت اکثریت کے کوئی شکایت نہیں۔ ان کے تعلقات بھائی چارہ کی حد تک پہنچ چکے ہیں۔ اور فرقہ پرستی کو زندہ رکھنے کے خواہشمند چند گنے چنے اشخاص ہیں جو بالکل بے اثر ہیں۔ اور دلیش نے ان کی رہی سہی کمر بھی توڑ دی ہے" لیکن اس بات کا کیا علاج کہ لکھنؤ اور بمبئی کے کچھ اخبار بدستور فرقہ پرستی کے راگ الاپ رہے ہیں۔ انجمنیہ کو تو حقائق کا احساس ہو گیا مگر لکھنؤ کا "حقیقت" بدستور اشتعال انگیزی کر رہا ہے۔ اس نے اپنی تازہ اشاعت میں شیخ عبداللہ کے تردیدی الفاظ کو بھی قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ:-

"شیخ صاحب نے یہ الفاظ کہے یا نہیں لیکن سوال یہ ہے کہ کیا جو الفاظ ان سے منسوب کیے گئے ہیں وہ سچائی سے دور ہیں۔ کیا یہ غلط ہے کہ ہندوستان میں آج بھی فرقہ وارانہ کا بھوت آزادی سے ناچ رہا ہے۔ بھارت میں بسنے والے چار کروڑ مسلمان قدم قدم پر جس تردد اور پریشانی کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس کو کچھ انہی کا دل جانتا ہے۔ مسلم اقلیت کی بے اطمینانی کا اندازہ تو اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آج بھی سینکڑوں بلکہ شاید ہزاروں مسلمان ہر ماہ گھر بار کے ساتھ پاکستان جا رہے ہیں۔"

بتایئے کہ کراچی کے "ڈان" لندن کے "ٹائمز" اور لکھنؤ کے "حقیقت" کے الفاظ میں کیا فرق ہے اگر اس اقتباس کی بنا پر کوئی یہ سمجھے کہ یہ اخبار "ڈان" کا ہندوستان ایڈیشن ہے اور اس کے ایڈیٹر میں بھی پاکستان کی روح حلول کر گئی ہے تو تعجب نہیں۔ "انجمنیہ" پاکستانی لیڈروں کی تقریروں سے متنبہ ہو کر لاکھ بار صفائی پیش کرے لیکن جب تک ہر بات کو فرقہ پرستی کی عینک سے دیکھنے والے لوگ موجود ہیں۔ پاکستان انہیں اپنے فائدے کے لئے استعمال کرتا رہے گا۔ اس سے یقیناً ہندوستانی مسلمانوں کو فائدہ نہیں ہوگا۔ بلکہ ان کی پوزیشن کو غلط سمجھا جاتا رہے گا۔

آخر "حقیقت" کو شکایت کیا ہے۔ یہی کہ کسی جگہ فرقہ وارانہ جھگڑا ہوا یا کسی جگہ کسٹوڈین کی وجہ سے کچھ مسلمانوں کو تکلیف ہوئی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ جھگڑے بعض جگہ ہندوؤں کو پریشان نہیں کرتے اور کیا کسٹوڈین کے محکمہ میں ہندوؤں کو مشکلات کا سامنا کرنا نہیں پڑتا۔ اگر فرقہ وارانہ جھگڑا ہو تو فوج اور پولیس موجود ہے اور کسٹوڈین یا کسی دوسرے محکمہ کے خلاف شکایت ہو تو اس کا علاج یہ نہیں کہ مسلمان اور ہندو کا سوال پیدا کر دیا جائے۔ ہندوؤں سے مل کر اپنی شکایتیں دور کرانی چاہئیں۔ "حقیقت" نے جن شکایتوں کا تذکرہ کر کے تمام ہندوستان کو فرقہ پرستی کا گہوارہ قرار دیا ہے کیا وہ شکایتیں پاکستان میں رہنے والے مسلمانوں کو نہیں۔ کیا پاکستان میں مسلمانوں اور مسلمانوں میں جھگڑے نہیں ہوتے۔ کیا پاکستان میں رہنے والے مسلمان کسٹوڈین کے محکمہ سے مطمئن ہیں اور وہ اپنی حکومت سے نالاں نہیں۔ اگر وہاں "اسلام خطرے میں نہیں ہوتا" تو ہندوستان میں ذرا ذرا سی بات پر "اسلام خطرے میں" کیوں پڑ جاتا ہے۔ یاد رہے کہ اسی اخبار نے ۳۰ مارچ کی اشاعت میں کشمیر کو ہندوستان سے الگ ہو جانے کا مشورہ دیا تھا۔ یہی اخبار کی وہ ذہنیت ہے کہ وہ ہندوستان میں رہ کر ہندوستان کے خلاف پراپیگنڈہ کرے اگر وہ اپنے آپ کو مسلمانوں کا ہمدرد ظاہر کرتا ہے تو یقیناً وہ مکاری سے کام لیتا ہے اس کا حقیقی مقصد مسلمانوں کے جذبات سے فائدہ اٹھا کر یا تو ہندوستان کے دشمنوں کے ہاتھ مضبوط کرنا ہے یا "اسلام اسلام" کا نعرہ بلند کر کے اپنی دوکانداری کو چمکانا ہے۔ اور پھر فرقہ پرستی کے نعرے کی اہمیت کیا ہے جبکہ جمہوریت ہندوستان میں ہر جگہ فرقہ پرستی نظر آتی ہے۔ یہ اخبار پوچھتا ہے۔ کہ "کیا یہ ممکن ہے کہ اس ملک میں اقلیت کا کوئی فرد صدر جمہوریہ وزیر اعظم یا کسی صوبہ کا وزیر بن سکے جب تک اکثریت اسے تسلیم کرے" گویا یہ اخبار سودے بازی کرنا چاہتا ہے اور اگر مسلمانوں کو یہ عہدے مل جائیں تو یہ تسلیم کرے گا۔ کہ ہندوستان میں فرقہ پرستی کا وجود مٹ گیا ہے کتنی مضحکہ خیز دلیل ہے۔ یہ تو ہندوستان کی اکثریت مسلمان ہی نہیں کسی بھی غیر ہندو کو بڑے سے بڑے عہدے پر متمکن دیکھ کر ناراض نہیں ہوگی۔ سوال یہ ہے کہ کسی چھوٹے یا بڑے عہدے کے لئے مسلمان ہونا کیوں ایک معیار قرار دیا جائے اگر مذہب کی بنا پر تقسیم ہونے لگے تو یقیناً اکثریت کے افراد ہی نہیں ہر ایک شریف اور ایماندار شخص اس کی مخالفت کرے گا۔ لیکن اگر چھوڑ کر لوگ سیاسی میدان میں آئیں گے۔ وہ اپنی قابلیت اور ایمانداری اور قوم پرستی کی وجہ سے ہندوستان میں بڑا عہدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن جو لوگ فرقہ پرستی کا نعرہ بلند کریں۔ ہندوستان میں رہ کر ہندوستان [illegible]

ہم لاجونتی کے پھول نہ بنو۔ ہندوستان میں رہنے والے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ فرقہ پرستی کے بھوت کے خلاف جنگ کرے۔ فرقہ پرست ہندوؤں میں اور مسلمانوں میں بھی۔ ہندو اکثریت نے فرقہ پرستوں سے لڑ کر فرقہ پرستی کو شکست فاش دی۔ یہ اس کی قوم پرستی کا ثبوت ہے۔ اسے بھی مسلمان وزیر بنا ہی تھا ایک مسلمان کو صدر اور وہ بھاری اکثریت سے بنا کیا جواب ہے کہ ادھر اسی میں مسلم لیگ نے ڈٹ کر چند نشستوں پر قبضہ فرقہ پرستی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور لکھنؤ کا اخبار "حقیقت" اور دوسرے ملک کو بدنام کرنے میں مصروف ہیں۔ ہندو فرقہ پرستی کے [illegible] لیکن مسلم لیگ کی فرقہ پرستی کی حمایت کو سمجھانے کی جرأت [illegible] لیڈر نے ایک لفظ کہہ دیا تو آسمان سر پر اٹھا لیا لیکن پاکستان [illegible] اخبار بھی اپنی تحریروں کے آئینہ میں اپنی بدنما اور نفرت انگیز [illegible] لاجونتی کے پھول نہ بنو۔ حقائق سے کام لو

LETTERS TO THE EDITOR

KASHMIR'S STATUS

Sir, — Sheikh Abdullah's Ranbirsinghpura speech has caused quite a flutter all over India. It is not clear what precisely the Kashmir Premier means by "an alliance of a restricted nature." Does he mean Kashmir's internal autonomy? If so, it is nothing discordant with his oftrepeated pronouncements. From the very beginning he has been emphasizing that Kashmir's accession is an alliance of its own nature. In other words, Kashmir falls in none of the three statutory categories of States — Part A or B or C.

But Sheikh Abdullah's one or two observations in his speech make one feel somewhat uneasy. He has declared that if communalism rears its head in India, Kashmir's alliance is bound to be destroyed. In the first place communalism in India under the Nehru regime is practically extinct. As such the Kashmir Premier's fears and doubts are not well-founded.

But if it is granted that some traces of that canker are still visible in India, There is hardly any justification for him to ring the bell of alarm. He must have the same confidence and faith in India as India has in Kashmir. If Kashmir's relation with India were so brittle as to be affected by such mental illusions, it is anything but justifiable to define it as 'irrevocable,' as the Prime Minister Kashmir declared later. No doubt Sheikh Abdullah in his Baisakhi speech took considerable pains to clarify the doubt raised by his previous utterance, but the fact remains that the expressions 'restricted nature' and 'irrevocable' in his speeches are hard to reconcile. They hardly sound better than a contradiction in terms.—Yours, etc.,

S. D. KHAJURIA.
New Delhi.

II.

Sir, — If Sheikh Abdullah could no longer appreciate the spirit of co-operation and sacrifice of the Indians, he should have at least scrupled in accusing them of communalism. Everybody knows full well that even in Punjab which had been the worst scene of communal frenzy, and where population percentage of Muslims hardly works out to a fraction of a decimal, the majority has manifested complete eradication of communalism by returning Muslims to the Assembly in the recent general elections.

He should not, therefore, object to the application of the Indian Constitution *in toto* to Kashmir, as it is through the working of this Constitution that a broader national outlook has developed and the people of the outside world, except only Pakistan, speak highly of Indian secularism.—Yours, etc.,

KEWAL KRISHAN SHARMA.
Simla.

III

Sir, — There is nothing surprising in the speech of Sheikh Abdullah as he has only treaded the path shown by his preceptor, Mr Nehru, who does not feel tired, even after the election results, of

شری پریم ناتھ ڈوگرہ کا بیان (بقیہ ۳)

خبروں کو دبانے کی کوشش کی۔ لیکن اُردو پریس نے ہماری حمایت کی۔ آپ نے خاص طور پر ملاپ، پرتاپ کی خدمات کا ذکر کیا اور کہا۔ کہ جب گرفتاری کے وقت آپ کا ایک بیان ملاپ اور پرتاپ میں شائع ہوا۔ تو اُن پر کشمیر میں داخلہ پر پابندی عاید کر دی گئی۔ اس پر پھر سٹیم سٹیم کے نعرے لگے۔

تنہائی کی کوٹھڑی میں

اپنی گرفتاری کے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ نے کہا کہ جب گرفتار کئے جانے کے بعد جموں میں ایک رات کے لئے ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں بند رکھا گیا۔ اور دوسرے دن سپیشل کلاس دی گئی۔ لیکن اس کے بعد مجھے سردی کے موسم میں ہوائی جہاز کے ذریعہ کشمیر لیجائے جانیکا حکم جاری کر دیا گیا۔ جب میں نے بستر اور کپڑے لے جانیکی اجازت چاہی تو انکار کر دیا گیا۔ مجھے کشمیر میں چار دن تک ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں بند رکھا گیا۔ سردی سے تنگ آکر میں نے عام قیدیوں کے کپڑے دیئے جانے کی درخواست کی۔ لیکن وہ بھی منظور نہ ہوئی۔ اس کے بعد میں نے یہ درخواست کی کہ مجھے جموں کی جیل میں بھیجا جائے۔ وہ درخواست بھی نظر انداز کر دی گئی۔ مجھ سے یہ سلوک انتقام لینے کے مقصد سے کیا گیا۔ طلباء کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے شری ڈوگرہ نے کہا کہ پرجا پریشد کا اس سے کوئی تعلق نہ تھا۔ شیخ عبداللہ کی حالیہ تقریر سے انکی اصلیت ظاہر ہو گئی ہے۔

آپ نے سوشلسٹ پارٹی اور دیگر جماعتوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے پرجا پریشد کی ستیہ گرہ کی حمایت کی۔ کشمیر میں ہند کا آئین نافذ کیے جانیکا مطالبہ۔ جلسہ میں ایک ریزولیوشن کے ذریعہ مطالبہ کیا گیا۔ کہ ہند کا آئین کشمیر میں مکمل طور پر لاگو کیا جائے۔ یہ بھی مانگ کی گئی کہ مسئلہ کشمیر کو اتحادی سبھا سے واپس لے لیا جائے۔ اور کشمیر کے ہند سے مکمل الحاق کا اعلان کیا جائے۔

اناج کے بھاؤ میں اضافہ کیخلاف پروٹسٹ

دوسرے ریزولیوشن میں راشن کے اناج کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف پروٹسٹ کیا گیا ہے۔ اور ہند سرکار پر زور دیا گیا کہ وہ اناج کے مسئلہ میں امداد بحال کرے۔ دہلی سٹیٹ سرکار پر زور دیا گیا۔ کہ وہ اناج کی قیمتوں میں کمی کیلئے پُر عکس کوشش کرے۔

پنڈت نہرو کا انکار

دہلی جن سنگھ کے زیر اہتمام منعقدہ اس جلسہ کی صدارت وید گورو دت جی نے کی۔ صدر نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جب مہاراجہ کشمیر نے پنڈت نہرو سے امداد طلب کی تو پنڈت جی نے شرط لگائی۔ کہ شیخ عبداللہ کو ریاست کا وزیر اعظم بنایا جائے۔ پنڈت نہرو نے جب راجہ کشمیر کی یہ پیشکش ٹھکرا دی کہ کشمیر کو ہند سے ملا لیا جائے۔

پنڈت موتی چند شرما کا بھاشن

پنڈت موتی چند شرما نے کشمیر کے متعلق ریزولیوشن پیش کرتے ہوئے کہا کہ چار سال سے اتحادی سبھا کشمیر کے مسئلہ کو کھٹائی میں ڈالے ہوئے ہے۔ اور دن بدن اسے زیادہ الجھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ سمجھ نہیں آتی۔ کہ ہند سرکار کے تئیں کشمیر کے متعلق کئے وعدے سے اپنی کیبنٹ کا مشورہ لئے بغیر کس طرح

کرتے رہے ہیں۔ وقت آچکا ہے کہ کشمیر کے متعلق عام چیمبر میں عوام کے سامنے رکھی جائیں ہمارا روپیہ وہاں پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔ کشمیر کا مسئلہ صرف کشمیر والوں کا نہیں، بلکہ ہمارے ہند کا مسئلہ ہے۔ اس میں جموں اور کشمیر کے لوگوں کے ساتھ ہمیں بھی ادھیکار ہے۔ کیونکہ یہ دونوں ایک ہیں۔ پنڈت موتی چند شرما نے کہا۔ کہ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ پاکستان بناتے وقت ہماری رائے کیوں نہ لی گئی۔ سارے دیش کی جنتا دیش کے ٹکڑے کرنے پر کبھی رضامند نہ ہوتی۔ جب مہاراجہ کشمیر نے ہند میں شامل ہونے کا فیصلہ کر دیا۔ تو پنڈت نہرو نے اس وقت بھی ہند کے عوام کی رائے نہ لی۔ لیکن ہمارے پردھان منتری نے ریڈیو پر تقریر کرتے وقت یہ وعدہ کر دیا۔ کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیر کے لوگوں کی رائے سے ہوگا۔ آگے چلکر پنڈت موتی چند شرما نے کہا کہ کشمیر ہند کا ہے اور ہند کا ہی رہے گا۔ کشمیر کا جو حصہ پاکستان نے چھین لیا ہے۔ اس کا چپہ چپہ واپس کیا جائے گا۔ کشمیر ہند کا ہے اور ہند کا ہی رہے گا۔ ظالم لٹیروں نے جموں کشمیر کا جو روپیہ لوٹا ہے اسکی ایک ایک پائی واپس کرائی جائے۔ آخر میں آپ نے کہا کہ اگر کشمیر میں جنمت کرانا ضروری ہے۔ تو اس وقت کرایا جائے۔ جب تمام علاقہ پاکستان سے واپس لے لیا جائے۔

ہند کے منہ پر چپت

آگے چلکر پنڈت موتی چند شرما نے کہا۔ کہ شیخ عبداللہ کی تقریر پرجا پریشد کو چیلنج نہیں ہے وہ ہند سرکار کو چیلنج ہے۔ بلکہ ہند کے منہ پر چپت ہے۔ شری مدھوک نے اپنی تقریر میں کہا۔ کہ پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ پر کشمیر ہی نہیں بلکہ تمام ہند فخر کر سکتا ہے۔

(ترقی)

नवभारत टाइम्स

दिल्ली; बुधवार वैशाख कृष्णा १४ सम्वत २००९

उल्टी गंगा बहने लगी

पिछले दिनों शेख अब्दुल्ला के रणबीरसिंहपुरा वाले भाषण की बहुत चर्चा रही। उस पर विचार करते हुए दो सप्ताह पूर्व हमने लिखा था कि शेख अब्दुल्ला कश्मीर में उल्टी गंगा बहाना चाहते हैं। उसके पश्चात स्वयं शेख अब्दुल्ला ने, और मिर्जा अब्दुल बेग, श्री मुहम्मद सिद्दिकी और गिरधारीलाल डोगरा आदि उनके साथियों ने शेख साहब के उक्त भाषण पर लीपा-पोती करने का बहुतेरा यत्न किया, परन्तु कश्मीर में सचमुच घटनाचक्र की गंगा ने अपने प्रवाह की दिशा बदल डाली प्रतीत होती है।

शेख साहब ने असाम्प्रदायिकता की कल्पित व्याख्या करके और अपनी मनचाही को पाकिस्तानी लोगों के मुख में रख कर, काश्मीर को भारत से पृथक रखने की पिछले दिनों जो वकालत की, उसका परिणाम यह हुआ कि जम्मू और लद्दाख के लोग भी शेख साहब के अनुकरण में अपनी पृथक और स्वतंत्र सत्ता की मांग करने लगे। लद्दाख के लामा कुशक बकुल तो कई वर्ष से अपने प्रदेश के लिये प्रादेशिक स्वराज्य की मांग कर ही रहे थे, अब जम्मू के भी कुछ लोगों ने यह दावा किया है कि भारत में रहते हुए भी शेख अब्दुल्ला कश्मीर को जितना स्वतंत्र रखना चाहते हैं उतनी ही स्वतंत्रता हमें भी कश्मीर का अंग रहते हुए दी जाये। यद्यपि यह कहना कठिन है कि जम्मू और लद्दाख के लोगों की यह मांग उनकी हार्दिक अभिलाषा की अभिव्यक्ति करती है या शेख अब्दुल्ला की मांग के नहले पर उनका यह दहला है, तथापि ये नये-नये दावे कश्मीर में उठी हुई नई प्रतिक्रियाओं के सूचक अवश्य हैं। यदि शेख अब्दुल्ला एक बार रणबीरसिंहपुरा में भूल करने के बाद संभल जाते तो भी गनीमत होती, परन्तु वह तो संकीर्ण स्वार्थवृत्ति से और महाराजा काश्मीर की गद्दी पर बैठने की दुरभिलाषा से इतने पागल हो गये दीखते हैं कि अपनी बात को नाना रूपों में बार-बार दुहराये जाते हैं। और जितना ही वह अपने विचारों का रूप बदल-बदल कर उन्हें दुहराते हैं उतना ही उन पर जनता का अविश्वास ठीक उसी प्रकार बढ़ता जाता है जिस प्रकार कि एक झूठ को छिपाने के लिये दस झूठ बोलने वाले व्यक्ति पर बढ़ा करता है।

शेख अब्दुल्ला के संकीर्ण और अदूरदर्शितापूर्ण भाषण के कारण कश्मीर में ही प्रतिकूल प्रतिक्रियायें आरम्भ नहीं हुई हैं, उनका प्रतिकूल प्रभाव कश्मीर से बाहर भी पड़ा है। जम्मू के एक समाचार के अनुसार, भारत के महाजनों और व्यापारियों ने जम्मू और कश्मीर के व्यापारियों को नकद व माल उधार देना बन्द कर दिया है। उन्हें शायद भय हो गया है कि यदि उनकी पूंजी शेख अब्दुल्ला के स्वतंत्र कश्मीर में फंसी रह गई तो वह वापिस नहीं लौट सकेगी। इसका अनिवार्य परिणाम यह हो रहा है कि जम्मू और काश्मीर की साख डूब गई और वहां का व्यापार एकदम मंदा पड़ गया है। यदि शेख अब्दुल्ला के विचारों, भाषणों और कार्य-कलापों की प्रतिक्रिया भारत में इसी दिशा में होती चली गई तो ऐसा समय भी आ सकता है जब कि भारतीय जनता काश्मीर की रक्षा के लिये अपनी सेनाओं का प्रयोग किये जाने से इन्कारी हो जाये।

आज तो शेख अब्दुल्ला भारत के साथ अपना मनचाहा सम्बन्ध जोड़ने के लिये पं. नेहरू की मित्रता पर भरोसा कर रहे हैं, परन्तु यदि कहीं सचमुच भारतीय जनता में शेख अब्दुल्ला के संकीर्ण तथा स्वार्थमय विचारों की प्रतिक्रिया इसी दिशा में व्यापक परिमाण में हो गई, जिसका कि हमने ऊपर संकेत किया है, तो सैकड़ों नेहरूओं के लिये भी भारतीय साधनों का उपयोग शेख अब्दुल्ला का झंडा ऊंचा फहराने के लिये नहीं हो सकेगा। अब भी समय है कि शेख अब्दुल्ला संभल जायें "वरना, फि[illegible] पछताय होत क्या जब चिड़ियां [illegible] गयीं खेत।"

25.4.5(?) Milap daily Delhi

کشمیر سرکار پرجا پریشد کو کچلنے کیلئے ہنگامی اختیارات کا ناجائز استعمال کر رہی ہے

شیخ عبداللہ کے اعلان کے باوجود ابھی دو سرکردہ لیڈر نظر بند ہیں۔ پرجا پریشد کی ورکنگ کمیٹی کا پروٹسٹ (ملاپ کے نامہ نگار سے)

جموں۔ ۲۳ اپریل۔ پرجا پریشد کی ورکنگ کمیٹی نے ایک ریاست کی اندرونی صورت حالات خصوصاً پرجا پریشد کے ساتھ سرکار کے ناواجب سلوک کے بارے میں ایک ریزولیوشن پاس کیا ہے جس میں بتایا گیا۔ کہ کشمیر سرکار کشمیر کی خاص صورت حالات کا ناجائز فائدہ اٹھا کر اپنے مخالفوں خصوصاً پرجا پریشد کو دبانے کے لئے سخت گیرانہ قوانین کا امتیازی استعمال کرتی ہے۔ ڈیفنس ایکٹ کے ذریعے کئی بار پرجا پریشد کو کچلنے کی کوشش کی۔ سن ۱۹۴۹ء میں اس کے خلاف پریشد کو ستیہ آگرہ کرنا پڑا۔ اب حال ہی میں طلبا کی ایجی ٹیشن کی آڑ لے کر پریشد کو نشانہ بنایا گیا۔ دونوں وقت حکومت نے جس طریقے سے سخت گیری نرم کردی۔ اس سے ظاہر ہے کہ اس کا آغاز جائز طور پر نہیں ہوا تھا۔ یہ عجیب مشکل ہے کشمیر ہند کا حصہ ہے۔ لیکن یہاں بنیادی حقوق بھی رائج نہیں۔ جو ہند کے آئین نے منظور کئے ہیں۔ ایک اور ریزولیوشن میں بتایا گیا۔ کہ شیخ عبداللہ کی طرف سے پریشد کے سب لیڈروں اور ورکروں کی رہائی کے اعلان کے باوجود ابھی کئی لیڈر نظر بند ہیں۔ پریشد کی ورکنگ کمیٹی کے ایک ممبر شری مکھن لال جی نہ صرف عرصہ دراز سے نظر بند ہیں۔ بلکہ ان کے ساتھ عام مجرموں کا سا سلوک کیا جا رہا ہے۔ اب ان کی صحت بہت خراب ہے۔ اسی طرح رناتس دہرم ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر شری اونکار ناتھ جنکو پریشد کے پردھان پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ کے ساتھ گرفتار کیا گیا تھا ابھی تک نظر بند ہیں۔ حکومت سے یہ تمام نظر بند اور قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

پرجا پریشد کے پردھان پنڈت ڈوگرہ اور دیگر رہنما دہلی پہنچ گئے

(ہمارے اپنے نامہ نگار سے)

ریلوے سٹیشن پر شاندار سواگت اور جلوس "کشمیر بھارت کا انگ ہے" کے پرجوش نعرے

دہلی ۲۳ اپریل۔ آل جموں و کشمیر پرجا پریشد کے پردھان پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ آج صبح بذریعہ کشمیر میل جموں سے دہلی پہنچے آپ کے ہمراہ پرجا پریشد کے اپ پردھان ٹھاکر دھنونتر سنگھ چیف آرگنائزر شری شیام لال شرما اور ورکنگ کمیٹی کے ایک ممبر شری رام ناتھ بھی دہلی آئے۔ ریلوے سٹیشن پر بھارتیہ جن سنگھ کے کارکنوں اور دہلی کی جنتا کی بھاری تعداد نے کشمیری رہنماؤں کا شاندار سواگت کیا۔ ٹرین سے اترتے ہی کشمیری رہنماؤں کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے گئے۔ اور وہاں سے ایک کھلی موٹر میں سوار کرا کر جلوس نکالا گیا۔ یہ جلوس جو تقریباً ایک ہزار افراد پر مشتمل تھا چاندنی چوک۔ نئی سڑک۔ چاوڑی بازار سے ہوتا ہوا جن سنگھ کے دفتر اجمیری گیٹ پر ختم ہوا۔ راستے میں لوگوں نے پنڈت ڈوگرہ کو پھولوں کے ہار پہنائے رہے۔ اور ان پر جگہ جگہ پھولوں کی ورشا کی گئی۔ جلوس میں شریک لوگوں نے کپڑے اٹھا رکھے تھے جن پر موٹو لکھے تھے۔ جن پر لکھا ہوا تھا کہ ہم بھارت کے ساتھ کشمیر کا مکمل الحاق چاہتے ہیں۔ پرجا پریشد زندہ باد۔ کشمیری جنتا کی آزادی اور کشمیر ہمارا ہے۔ جلوس میں شامل لوگ کشمیر بھارت کا انگ ہے۔ بھارت کا دستور کشمیر پر لاگو ہو۔ اور کشمیر ہمارا ہے کے پرجوش نعرے لگا رہے تھے۔ جن سنگھ کے دفتر پہنچنے کے بعد پنڈت ڈوگرہ نے سواگت کے لئے جنتا کا شکریہ ادا کیا اور کچھ دیر دفتر میں ٹھہرنے کے بعد اپنی جائے قیام کو روانہ ہو گئے۔

شیخ عبداللہ کی تقریر کے بعد

ڈوگرے ظالم ہیں اور غدار ہیں۔ لداخ کے بودھ لپسماندہ اور ناسمجھ ہیں۔ دیش بھگتی اور تدبیر صرف وادیٔ کشمیر کے رہنے والوں کے حصے میں آیا ہے۔ یہ پراپیگنڈا شیخ عبداللہ نے نہیں کیا۔ لیکن پروپیگنڈا ہوا ہے۔ اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا دراصل ابتدا میں پروپیگنڈا کی جن توپوں کا منہ مہاراجہ اور اس کے ساتھیوں کی طرف تھا۔ مہاراجہ کی معزولی کے بعد بھی دھڑا دھڑ بے خبر ہو کر فیشن کے طور پر ڈوگروں کے خلاف لفظی گولہ باری میں مصروف ہیں۔ ڈوگروں یعنی جموں نواسیوں کو یہ شکایت تھی کہ آزادی آنے کے بعد ریاست کی باگ ڈور ان کے ہاتھ سے نکل کر کشمیریوں کے ہاتھ میں چلی گئی ہے۔ اسکے بعد لداخ کے بودھ یہ محسوس کرنے لگے کہ موجودہ حکومت کی ساری توجہ صوبہ کشمیر پر مرکوز ہے۔ اور یا تو اسے پسماندہ بودھوں کے مسائل کی طرف توجہ دینے کی ضرورت نہیں یا خواہش نہیں۔ باوجود اس بات کے کہ پنڈت نہرو کے دل میں بھی جموں نواسیوں کے لئے غیر معمولی محبت نہیں۔ جموں کے ڈوگرے اور لداخ کے بودھ یہ امید رکھتے تھے کہ جلد یا بدیر بھارت میں شامل ہو جانے کے بعد کشمیر میں ان کی قسمت بھی جاگ اُٹھے گی۔ اور کم از کم شیخ عبداللہ جنکی نظر میں جموں میں کشمیر کے دو نوں صوبے برابر ہیں۔ ان کے ساتھ انصاف کریں گے۔ لیکن ان کی ایک ہی تقریر سے بہت سے لوگوں کی امیدوں پر اوس پڑ گئی۔ میری مراد پرجا پریشد یا نیشنل کانفرنس کی مخالف دیگر پارٹیوں سے نہیں بلکہ جنتا سے ہے۔ جب انہوں نے سنا کہ کشمیر ایک خود مختار ری پبلک ہے۔ اور بھارت سے اس کا سمبندھ صرف تین معاملات میں ہے تو ان میں بھی علیحدگی کی دیوار کھڑی ہو گئی۔ لداخ کے بکولا جو کشمیر کی آئین ساز اسمبلی کے ممبر بھی ہیں۔ بنیادی حقوق کمیٹی کے سامنے یہ مانگ رکھ چکے ہیں کہ لداخ کو اندرونی خود مختاری دیدی جائے۔ اسی طرح پچھلے دنوں جب شری گوپال سوامی آئینگر جموں گئے تو کئی سرکردہ اصحاب نے جموں کی اندرونی خود مختاری کے بارے میں اپنا میمورنڈم ان کی وساطت سے بھارت سرکار کو بھیج دیا کئی لوگ اس ڈھنگ سے بھی سوچتے ہیں کہ اگر نیشنل کانفرنس بھارت کے ساتھ مکمل الحاق کے لئے تیار نہ ہو تو لداخ اور جموں بھارت سے الحاق کے لئے اپنا کیس نہرو سرکار کے سامنے پیش کریں۔ میں جانتا ہوں کہ ان باتوں سے شیخ عبداللہ اور ان تمام لوگوں کو دکھ ہو گا جو نہ صرف موجودہ کشمیر کو واحد اکائی کے طور پر متحد رکھنا چاہتے ہیں۔ بلکہ اپنے دل میں پاکستانی کشمیر کو بھی پھر سے اصلی ریاست کے ساتھ جوڑنے کی خواہش پال رہے ہیں۔ لیکن نیشنل کانفرنس کے کئی ذمہ دار لیڈر جس لہجہ میں باتیں کرتے ہیں اس سے کسی بہتر نتیجے کی آس نہیں ہو سکتی۔ اچھا ہو اگر یہ بھائی پروفیسر عبدالمجید خان کے مشورہ کے مطابق کچھ عرصہ کے لئے مون برت دھارن کر لیں اور غیر ضروری بحث چھیڑ کر اپنے اندرونی اتحاد کو نقصان نہ پہنچائیں۔

تعجب ہوتا اگر اس قسم کے زہریلے پراپیگنڈا کا اثر ریاست کی تجارت پر نہ پڑتا۔ اگر کشمیر بھی عملی طور پر ایک غیر ملک ہو تو بھارت کے بیوپاریوں میں شکوک پیدا ہونا قدرتی ہے۔ چیمبر آف کامرس جموں کے پردھان کے لفظوں میں موجودہ صورت حالات کا اثر یہ ہوا ہے کہ بھارتیہ بیوپاریوں نے کشمیر کے تاجروں کو ادھار مال دینا بند کر دیا ہے۔ غیر یقینی حالات پیدا کرنے کی بجائے یہ کہیں بہتر ہو گا کہ کشمیر مالی لحاظ سے بھی بھارت کے ساتھ ملحق ہو جائے۔ کیونکہ علیحدہ رہ کر بھارت سے لئے ہوئے قرضے بھی ریاست کی آرتھک حالت کو بہتر نہیں بنا سکتے۔ جہاں تک مہنگائی کا تعلق ہے وہ مہاراجہ کی حکومت ختم ہو جانے کے باوجود اسی طرح باقی ہے۔ اور باہر سے آئی ہوئی اشیا ریاست میں بھارت کی نسبت ۵۰ فیصدی زیادہ نرخوں پر فروخت ہو رہی ہیں۔ کسٹم جو بدیشوں میں ہوتا ہے۔ اگر مہاراجہ کے عہد میں موجود تھا تو اب بھی اسے منسوخ نہیں کیا گیا۔ اگر نیشنل کانفرنس ریاست کے بیوپار کو ترقی دینا چاہتی ہے تو اسے کسٹم کے نام پر جاری شاہی کی پرانی لوٹ مار کو ختم کرنا ہو گا۔ میری دلی خواہش ہے کہ شیخ عبداللہ غلط اور مضر سرگرمیوں کو روکیں اور نیشنل کانفرنس کو وہ راستہ اختیار کرنے پر آمادہ کریں جس میں متحدہ کشمیر کی بھلائی ہے۔ سنا ہے کہ مالی لحاظ سے کشمیر کو بھارت کے ساتھ ملحق کرنے کے لئے دونوں حکومتوں کے درمیان بات چیت شروع ہے۔ پچھلے دنوں کشمیر گورنمنٹ کسٹم اس شرط پر اڑانے کو تیار تھی کہ اسکی منسوخی سے کشمیر کی آمدنی میں جو کمی ہو گی اسے بھارت سرکار اپنے خزانہ سے پورا کرے گی۔ اس قسم کا کوئی بھی سمجھوتہ ہو سکتا ہے۔ لیکن کشمیر گورنمنٹ یہ تو سوچے کہ جس ریاست کو ہر قدم پر بھارت کی سہائتا درکار ہے اسکے لیڈروں کو علیحدگی کی باتیں کرنا کہاں تک زیب دیتا ہے؟

پریتم ضیائی

REDUCE FORCES IN KASHMIR

Graham's Recommendation To India & Pakistan

NEW YORK, April 24.

IT is understood that the Graham report recommends that India and Pakistan should 'further reduce their forces" in Kashmir by July 15 and that meanwhile the United Nations Negotiator's work should continue, cables D.P. Wagle, P.T.I. special correspondent.

The report will be published on Friday night here.

The report is again a factual recitation of his latest negotiations during which he is understood to have reported that much progress has been made on 12 points he submitted to both the Governments. Dr. Graham is understood to have said that the only major difficulty now remaining is an agreement on the strength of forces to be retained on either side of the cease-fire line after the completion of the demilitarisation programme.

Dr. Graham is understood to have said that the demilitarisation process has already made considerable progress. For instance, he said, India offered to withdraw "unconditionally" from Kashmir one division of troops together with supporting armour which meant 18,000 men. India also agreed to withdraw part of her troops a considerable distance behind a disputed location in Kashmir.

Although not figuring in his recommendations, Dr. Graham is understood to have suggested during the negotiations that he should have the "assistance" of the Plebiscite Administrator, Admiral Nimitz, during the concluding stage of demilitarisation programme.

The report is stated to be the briefest of the three Dr. Graham has so far made and encouraging in tone.

Stressing the urgency of a settlement, Dr. Graham is understood to have recommended mutual continuance of an atmosphere conducive to the removal of the remaining difficulties particularly, both sides refraining from adding to the military strength in Kashmir.—P.T.I.

Tribune
25.4.52

شری پریم ناتھ ڈوگرہ نے جموں پرجا پریشد کو توڑنے کیلئے شرطیں پیش کردیں۔ بھارت کا آئین سارے کشمیر پر لاگو کیا جائے

گاندھی گراؤنڈ میں عام جلسہ میں تقریر

بھارت کی سپریم کورٹ کو کشمیر کی اپیلیں سننے کا اختیار ہونا چاہیئے

پرجا پریشد فرقہ پرست جماعت نہیں ہے اسمیں مسلمان بھی شامل ہیں

دہلی ۲۳ اپریل:۔ صدر جموں پرجا پریشد پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ نے آج گاندھی گراؤنڈ میں منعقدہ جلسہ میں شیخ عبداللہ سے مانگ کی۔ کہ وہ ہندوستان کے ودھان کو کشمیر پر لاگو کریں اور ہندوستان کے شہریوں کو حقوق دیں۔ تو ان کے ساتھی عبداللہ سرکار کو ہر طرح سے تعاون دیں گے۔ اور پرجا پریشد کو توڑ دینگے۔ لیکن اگر ایسا نہ کیا گیا۔ تو پرجا پریشد اس کے لیے بڑی سے بڑی قربانی کرنے کیلئے تیار ہے۔ یہ جلسہ شری ڈوگرہ کے سواگت کے سلسلہ میں ہو رہا تھا۔ بگ بھگ پچیس (۲۵) ہزار کی حاضری تھی۔ آپنے کہا۔ کہ پرجا پریشد کو خواہ مخواہ بدنام کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کہ پرجا پریشد فرقہ پرست پارٹی ہے ہمارے ممبر مسلمان بھی ہیں اور ہمارے دروازے سب پر کھلے ہیں۔ آپنے شیخ عبداللہ پر فرقہ پرست ہونیکا الزام لگایا۔ اور کہا کہ جموں میں ہندی پڑھنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے جلسہ میں آپنے اعلان کیا۔ کہ انگریزی پریس نے ہماری خبروں کو دبانے کی کوشش کی لیکن اردو پریس نے ہماری حمایت کی ہے میرا بیان شایع کرنے پر کچھ اخبارات کے کشمیر میں داخلہ پر پابندی عائد کردی گئی۔ اس پر تیم شیم کے نعرے لگے۔

طلبا کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے آپنے کہا۔ کہ پرجا پریشد کا اس .... تحریک سے کوئی تعلق نہ تھا۔ شیخ عبداللہ کی حالیہ تقریر سے ان کی اصلیت ظاہر ہوگئی ہے۔

جلسہ میں ایک ریزولیوشن کے ذریعہ مطالبہ کیا گیا کہ ہند کا آئین کشمیر پر لاگو کیا جائے۔ یو، این، او سے کشمیر کا مسئلہ واپس لیا جائے۔ اور کشمیر کی ہند سے شمولیت کا اعلان کیا جائے۔

Veer Bharat Daily
25.4.52 Delhi

کشمیر کا مسئلہ

ہے۔ یہ اسی سنئے ہے کہ ہندوستان کی حکومت کی کوشش ہے۔ کہ انہی بنیادوں پر حکومت قائم کی جائے۔ جن میں ہماری تحریک ابتدا سے چل رہی ہے۔

ہم یہ بات فخر کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ کشمیر ایک ریاست ہے جہاں ہندوؤں اور مسلمانوں کی آبادی میں تکلیفات کے باوجود کوئی فرق نہیں آیا ہے۔ وہ اپنی اپنی جگہ قائم رہے۔ اور بالکل پریشان نہ ہوئے

اگر ہم اس ریاست میں انسانیت کا راج (سیکولرسٹیٹ) قائم کرنا چاہتے ہیں۔ تو ضروری ہے کہ یہاں کے مسلمان کوئی ایسی بات اپنے ہندو اور سکھ بھائی کے لئے پسند نہ کریں۔ جو انہیں اپنے لئے پسند نہ ہو۔ اسی طرح ہندوؤں اور سکھوں کو بھی چاہئے۔ کہ وہ جو اپنے لئے پسند نہ کریں۔ اُسے مسلمانوں کے لئے پسند نہ کریں۔ اگر مسلمانوں کو یہ خیال رہا۔ کہ ہم زیادہ فائدے میں رہیں۔ اور غیر مسلم تباہ و برباد ہو جائیں۔ تو لازمی بات ہے۔ کہ غیر مسلموں میں بھی یہی جذبہ پیدا ہو جائے گا۔

ہماری قومی جمہوریت کی مثال تو ایک گاڑی کی سی ہے۔ اور یہ تب ہی چل سکتی ہے۔ جب اس کے دونوں پہیئے اشتراک عمل کے ساتھ کام کریں۔ اور ایک دوسرے فرقہ کی بہبودی کا خیال رکھا کریں۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں۔ جو نہیں چاہتے۔ کہ یہ گاڑی چلے۔ یہ خواہ ہندوستان میں ہیں یا پاکستان میں۔ اُن کی برابر یہی کوشش رہتی ہے۔ کہ کشمیریوں کی اس چلتی گاڑی میں کہیں سے روڑا اٹک جائے۔ مسلم فرقہ پرستی مسلمانان کشمیر کے دلوں میں یہ خدشات پیدا کر رہی ہیں کہ ہندوستان کے ساتھ رہنے کا مطلب یہ ہو گا۔ کہ کسی بھی وقت تمہارے ساتھ بھی وہی حال ہو گا۔ جو جموں کے مسلمانوں کے ساتھ ہوا۔ لہٰذا تمہاری حفاظت اسی میں ہے۔

پاکستان سے طور۔ وہ کہتے ہیں کہ جو مسلمان ہند میں ہیں وہ اس وقت محض جواہر لال کی وجہ سے محفوظ ہیں۔ اور جب جواہر لال پرائم منسٹر نہیں رہے گا۔ تو وہ بھی محفوظ نہیں رہیں گے۔ اور ہندو فرقہ پرست ہندوؤں کے دلوں میں یہ خدشات ڈال رہے ہیں۔ کہ کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ اور اگر کشمیر ساتھ رہا۔ تو یہاں پر مسلمانوں کی اکثریت کا راج ہو گا۔ اور تم کبھی محفوظ نہیں رہو گے۔ اس لئے ہندوستان کے ملک کا مکمل آئین لاگو ہونے میں ہی حفاظت بچاؤ کی صورت ہے۔

ہندوستان کا آئین مکمل طور پر لاگو کرنے کا مطالبہ سب سے آگے وہ لوگ ہیں۔ جنہوں نے ... ۔ یہ قدرتی امر ہے۔ کہ ریاست

Tej daily Delhi

ریاست جموں و کشمیر کا ہند سے مکمل الحاق کا مطالبہ

دہلی کے پبلک جلسہ میں پرجا پریشد کے لیڈر پنڈت ڈوگرا کی تقریر

دہلی ۲۳ اپریل۔ ریاست جموں و کشمیر پرجا پریشد کے پردھان پنڈت پریم ناتھ ڈوگرا نے کل شام چاندنی چوک میں ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اگر شیخ عبداللہ ریاست کے ہند سے مکمل الحاق کا اعلان کر دیں تو وہ پرجا پریشد کو توڑ دینے کے لئے تیار ہیں۔ پنڈت ڈوگرا نے کہا کہ میں نہ صرف پرجا پریشد کو توڑ دوں گا بلکہ شیخ کو پورا تعاون دوں گا۔ یہ جلسہ بھارتیہ جن سنگھ دہلی پردیش کے زیر اہتمام منعقد ہوا تھا۔

پنڈت ڈوگرا نے کہا کہ اگر کشمیر سرکار کی طرف سے ہند کے ساتھ الحاق میں کوئی رکاوٹیں پیدا کی گئیں تو پرجا پریشد اپنا مقصد حاصل ہونے تک ہر قسم کی قربانی دینے میں انکار نہیں کرے گی۔ پنڈت پریم ناتھ ڈوگرا نے اس الزام کی تردید کرتے ہوئے کہ پرجا پریشد ایک فرقہ وارانہ جماعت ہے کہا کہ پرجا پریشد کا سب سے بڑا مقصد جموں اور کشمیر کے لوگوں میں سیاسی جاگرتی پیدا کرنا ہے۔ پنڈت ڈوگرا نے کہا کہ اس علاقہ کے لوگ سیاسی طور پر دوسرے لوگوں کی نسبت بہت پچھڑے ہوئے ہیں۔ پرجا پریشد نے لوگوں میں جاگرتی پیدا کرنے کی کوشش کی لیکن ہمارے کام کو ملک کے بٹوارہ اور قبائلیوں کے حملہ سے بہت نقصان پہنچا۔

جموں کے طلباء کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت ڈوگرا نے کہا کہ مجھے بطور ایک شہری کے طلباء کی تحریک سے دلچسپی تھی لیکن پرجا پریشد کے پردھان کے ناطے میں نے ہمیشہ اس تحریک کو نظر انداز کیا۔ لیکن مجھے گرفتار کر کے ریاسی بھیجا گیا۔ جہاں پر بلا کی سردی تھی لیکن اس کے باوجود اس کے باوجود نظربندوں کو سردی سے بچنے کے لئے پورے کپڑے بھی مہیا نہیں کئے گئے۔

جلسہ میں ایک ریزولیوشن پاس کیا گیا جس میں مانگ کی گئی کہ جموں و کشمیر میں ہند کا قانون نافذ کیا جائے اور ان علاقوں کو واپس لیا جائے جو اس وقت "آزاد کشمیر حکومت" کے قبضہ میں ہیں۔ پنڈت ڈوگرا کی آمد پر شاندار سواگت کیا گیا اور انہیں جلوس کی شکل میں شہر میں لے جایا گیا۔

Tej daily Delhi
26-4-52

"Milap" Daily New Delhi 26-4-52

S.C.

عبداللہ سرکار لداخ کے خودمختار صوبہ کی تشکیل کا مطالبہ رد کر دے گی

ہند سرکار بھی اس مطالبہ کو پسند نہیں کرتی۔ لداخ میں اصلاحات نافذ کی جائیں گی

سرینگر ۲۴ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ نہ تو ہند سرکار اور نہ کشمیر سرکار لداخ کے اندرونی طور پر خودمختار صوبہ کی تشکیل کا مطالبہ منظور کرے جس کے بارے میں حال ہی میں لداخ کے ہیڈ لاما کوشک بکولا نے حال ہی میں چیف منسٹر کشمیر شیخ عبداللہ کو میمورنڈم بھیجا تھا۔ اس میمورنڈم پر شیخ عبداللہ نے حال ہی میں شری گوپال سوامی آئینگر منسٹر کے ساتھ بات چیت کی جبکہ آخر الذکر جموں آئے تھے اس بات چیت میں کشمیر کے دو دیگر وزیروں نے بھی حصہ لیا۔ کہا جاتا ہے کہ شیخ عبداللہ اور شری آئینگر دونوں نے اس مطالبہ کو ناپسند کیا۔ تاہم یہ فیصلہ ہوا ہے کہ لداخیوں کو مطمئن کرنے کیلئے وہاں کے نظم و نسق میں اصلاح کی جائے۔ اور لوگوں کے اقتصادی حالات کو سدھارنے کی کوشش کی جائے۔ (نامہ نگار)

کشمیر یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا ایف اے امتحان کے انگریزی پرچہ پر اظہار افسوس

آئندہ سے اس قسم کی بات کا اعادہ نہیں ہوگا جس سے کسی کے جذبات مجروح ہوں

جموں ۲۴ اپریل۔ امسال کشمیر یونیورسٹی کے ایف اے امتحان میں طلبا کو جو انگریزی پرچہ دیا گیا تھا۔ وہ نہ صرف نہایت پیچیدہ اور مشکل تھا۔ بلکہ سراسر پارٹی سیاسیات سے پر بھی۔ مثال کے طور پر ایک سوال میں غلام محمد صادق کے ایک بیان کا اقتباس دیا گیا۔ جس میں ڈوگرہ راج اور ڈوگرہ فوج کے "مظالم" کا رونا رویا گیا تھا۔ حالانکہ اس سوال کا جواب ڈوگرہ طلبا نے ہی دینا تھا۔ اس سوال سے طلبا کے علاوہ ڈوگرہ عوام کے جذبات بھی سخت مجروح ہوئے۔ جب کشمیر یونیورسٹی کے وائس چانسلر وزیر جانشند [illegible] جسٹس کی توجہ "ملاپ" میں شائع شدہ نوٹ کی طرف دلائی گئی تو آپ نے فرمایا:۔

یہ معاملہ میرے زیر غور ہے مجھے افسوس ہے۔ کہ ایسا واقعہ ظہور میں آیا۔ آئندہ ایسے اقدامات کئے جائیں گے۔ جس سے اس قسم کی بات کا اعادہ نہ ہو۔" حیرانی کی بات ہے۔ کہ ممتحن کو اپنے سیاسی جوش میں یہ بھی خیال نہ رہا۔ کہ جس ڈوگرہ راج اور ڈوگرہ فوج کے "مظالم" کا وہ اظہار کر رہا ہے۔ اسی ڈوگرہ راج کے کرتا دھرتا یعنی یوراج کرن سنگھ جی یونیورسٹی کے چانسلر ہیں۔

2.

پرجا پریشد کی پوزیشن

جموں و کشمیر پرجا پریشد کے پردھان منتری پنڈت [illegible] جو پچھلی تقریر کی اس سلسلے میں [illegible] انہوں نے واضح طور پر کہا۔ اگر شیخ عبداللہ [illegible] کشمیر [illegible] ملحق کرنا اور بھارت کے آئین کو [illegible] کشمیر میں [illegible] پرجا پریشد [illegible] چاہتا ہوں کہ پرجا پریشد پر فرقہ پرستی کا الزام لگا [illegible] سے ملاحظہ فرمائیں [illegible] انصاف [illegible] کر رہے ہیں۔ ہندوستان کیا [illegible] حکومت فرقہ پرست ہے [illegible] آئین فرقہ پرست [illegible] نہیں تو [illegible] پرجا پریشد [illegible] ہندوستان [illegible] حکومت اور ہندوستان کے آئین کو اپنا [illegible] کہنا اگر [illegible] شیخ صاحب [illegible] یہ ہے کہ کشمیر [illegible] کی ذمہ داری [illegible] ساتھ کوئی تعلق نہ رکھے [illegible] کشمیر [illegible] پرجا پریشد کی پوزیشن [illegible] لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ کشمیر [illegible] ہندوستان [illegible]

[illegible]

Hindustan Times 26.4.52

Need For Restraint On Kashmir Affairs

SHEIKH ABDULLAH'S APPEAL TO INDIAN PRESS AND LEADERS

SRINAGAR, April 25.

SHEIKH ABDULLAH today appealed to Indian leaders and the Press to talk of Kashmir affairs in a "cautious manner and after due thought."

Addressing a large Muslim gathering at Hazratbal, five miles from here, he said the Kashmir Constituent Assembly, besides framing a Constitution for the State, had to decide the future of the 100-year-old ruling dynasty and to give its verdict on the accession issue—whether to remain with India or join Pakistan or remain independent.

The Constituent Assembly had already decided to pay no compensation to landlords. "It is our basic policy that land should belong to the tiller of the soil and landlords had no right over it. This decision has had its repercussion in India where some State Governments intend to transfer land to

Continued on back page col. 2

ABDULLAH'S APPEAL TO PRESS

Continued from page 1 col. 3

tillers after paying compensation," Sheikh Abdullah said.

With regard to the future of the ruling dynasty in the State, Sheikh Abdullah said Maharaja Gulab Singh and his descendants "cannot rule over this State. This is no sentimentalism, but a reiteration of our policy. We cannot tolerate autocratic rule. The people alone have the right to rule over Kashmir," he declared.

Discussing Indo-Kashmir relations, the Kashmir Premier said: "The whole world is aware of our policy that the Constituent Assembly will decide the accession issue. The implementation of this policy should create no misunderstanding now as we don't want to deceive anybody."

Kashmir, he said, acceded to India only in respect of three subjects—defence, communications, and external affairs—and for other matters the State was completely free to shape its own destiny.

"This agreement between India and Kashmir has been approved by the Indian Parliament. If we follow this agreement, why should it cause resentment in any circle? So far as Kashmiris are concerned, they have not the least idea to back out. But, if anybody wants this agreement to cease, it is their wish," Sheikh Abdullah said.

Alluding to certain reports that Indian traders would have less trade with Kashmir in the present context, Sheikh Abdullah warned: "We cannot be intimidated like this. Pakistan also has tried to impose economic blockade against Kashmir, but the results have been bad for Pakistan ultimately. It is wrong on the part of anybody to think that 40 lakh Kashmiris are dependent on trade, army and money of India. I would appeal to Indian leaders and newspapers to speak and write on the Kashmir issue after due thought. We want to work in an atmosphere of friendliness. Threats and taunts cannot bring India and Kashmir closer. Throughout our struggle for freedom, we have tried to bring Hindus, Muslims and Sikhs together to live as brothers. India came to the help of Kashmir to uphold the ideals of Gandhiji. No price for this help was demanded," said the Kashmir Premier.

ہیں اس وقت طاقت ہے اس کا صحیح استعمال کریں اور زیادہ بولنے کی بجائے زیادہ خاموشی سے کر تعمیری کاموں میں اپنی طاقت خرچ کریں۔ انہیں ... کنٹرول لینا چاہیئے۔ کہ وہ کہاں جا رہے ہیں۔ بسنتیہ تو آج بھی ان کی پہلے کی سی ہے۔ لیکن وہ کیا باتیں ہیں جس سے ان کے خلاف بے پناہ نکتہ چینی ہو رہی ہے۔

"Tribune" 29-4-52

HEAT ON KASHMIR

Sheikh Abdullah, like some of his critics, has not yet got over his Ranbirsinghpura speech and the reaction it has provoked. He has appealed to the Indian press and to Indian leaders to speak and to write on Kashmir affairs "in a cautious manner and after due thought." He has himself repeated the essential points of his policy: 1.) That the Maharaja and his descendants cannot rule over the State; 2.) That the Kashmir Consembly will decide the accession issue. 3.) That accession will be for only three subjects, the State being completely free to shape its destiny in all other matters. On these points there can be no difference of opinion except between Sheikh Abdullah and some people who have never agreed with him on any point affecting the future of Kashmir. In Kashmir as elsewhere the days of Maharajas are over. The wise and generous thing to do about this institution of the Indian Princes is to let it fade out as it is fading out without either administering it an overdose of its medicine or keeping it alive with artificial respiration. The Kashmir Constituent Assembly will undoubtedly have the last word on the extent to which the State will accede to India. On the issue of accession the Government of India stand committed to the final decision being subject to a free and fair plebiscite. On the question of the extent of accession, the decision of the Consembly will be final and if Sheikh Abdullah feels as strongly as he has expressed himself, it is not difficult to foresee the outcome. It does not necessarily follow that Kashmir may not accede more fully now or at any future date. But equally it is the height of folly to line up arguments for complete accession now or at any time in the manner in which it is being done. If there is to be fulller accession the initiative must come from the Kashmiris. The agitation for full accession that is being carried on now is a very foolish one and will, as it is already doing, produce an opposite effect. It is unfortunate that Sheikh Abdullah should have been driven to the point of having to retort:

"It is wrong on the part of anybody to think that 40 lakh Kashmiris are dependent on the trade, army and money of India.. .... .. Threats and taunts cannot bring India and Kashmir closer. Throughout our struggle for freedom we have tried to bring Hindus, Muslims and Sikhs together to live as brothers. India came to the help of Kashmir to uphold the ideals of Gandhiji. They did not demand any price for this help."

It is not for us to ask Sheikh Abdullah to ignore the threats and taunts. He is fully justified in resenting the attempts made to force a larger measure of accession. But he must help in the restoration of the equanimity of Kashmiris so as to enable them to take the right decisions on momentous questions affecting their future. The Government of India have been consistent in their attitude that no strings attach to aid in any form they may have given, or they may give in the future. That attitude cannot be modified except by the Government of India. Sheikh Abdullah should give this aspect of the matter its due weight.

"The Times of India" Dated 29.4.52.

INDIAN POLITICAL NOTES

Save The Sheikh Sahib From Himself

By DAREM

[SH]EIKH Abdullah needs to be saved from himself. Mr. Nehru [alone] can do it. And Mr. Nehru [shoul]d do it before it is too late. [Indeed], he should have intervened [earlier], as much damage has al[ready] been done. The present dis[turbing] trend must be halted im[mediat]ely if untold complications [are to] be averted.

[Stran]gely enough, we find the [Govern]ment of India holding a [watchin]g brief, while the Sheikh [hi]ts out at the "Indian press [and lea]ders," and not even the "circles" in New Delhi—[last] resort of a harassed cor[responden]t—are prepared to "re[veal]" this delicate subject.

Sheikh Abdullah has advised the Indian press and leaders "to think over the whole affair dispassionately." And yet he has hardly given them breathing time between one passion-rousing speech and another. His latest utterance has only ripped wider a sore of his own making.

UNCHARITABLE

When he refers to "India's aid with strings" he is not only indulging in an overworked current cliche, but is being positively uncharitable to India—an impoverished, disorganised and totally unprepared India of October 1947 that freely and ungrudgingly gave away to Kashmir in distress.

It is, therefore, I say, a most unfortunate language for the Sheikh Sahib to use, a language which his enemies, in Pakistan and India alike, will exploit, while his friends will squirm under its lash.

Hundreds of lives sacrificed and crores of rupees expended for the development of Kashmir and for supplying the State with food and other essential commodities, and on the top of it, a voluntary pledge to carry out a plebiscite in the State to decide the accession issue —"ulterior motives," indeed!

Then again, this democrat is so sensitive to criticism and so unfamiliar with the ways of a free, democratic press that he loses all sense of proportion and inveighs against the entire Indian press when political discretion and justice alike demanded that he should confine his attack to the section of the press that crossed his path.

Nobody would be happier than the Indian tax-payer if the Kashmir dispute is liquidated and he would be grateful to the Sheikh Sahib if the issue is immediately decided one way or the other. But the Security Council, by its unrealistic approach to the dispute, only ensures delay in the settlement.

So far as India is concerned, a plebiscite under the U.N. aegis will be staged by the legally constituted present administration as soon as normal conditions, conducive to such an operation, are produced in that State. Such normal conditions can be brought about by the removal of alien troops from the soil, return of the evacuees [...]

[...] cies had ground to a halt—namely, the number and character of the troops to be left on each side of the cease-fire line at the end of demilitarisation.

That is the hard core of the dispute in the phase currently under discussion. One cannot resolve this obstacle standing in the way unless the rights and wrongs are squarely faced and adjudicated upon—in other words, determine which party is in legitimate occupation and which as a result of aggression and in contravention of the international law. Once this crucial point is decided, it is easy to test the claims on each side and determine the quantum of troops each should be permitted to leave behind.

* * * *

Mr. Nehru's Darjeeling speech underlined a new and onerous responsibility devolving on independent India following certain political developments in the north, beyond the Himalayas.

The Prime Minister warned the country not to rely too much on the great Himalayas as a barrier against a foreign invasion of India. Notwithstanding an excellent Army, Air Force and a Navy to rely on to meet any foreign aggression, "the best guarantee of our defence is the people's unity and determination," declared Mr. Nehru, exhorting those who live in the border areas to remain "wide awake and watch carefully who is coming from outside as a friend or a foe."

Mr. Nehru's reference to the Indian goodwill mission to China in this context served to emphasise India's genuinely friendly and peaceful intentions towards China while making it clear that any aggression, from whichever quarter, across the northern Himalayan, would be instantly resisted with force.

But how onerous an undertaking the responsibility of guarding the 'northern barrier" is can be realised with a glance at the map. Apart from the fact that this barrier is 3,000 miles long—perhaps the longest national frontier in the world—it is the mountainous, high-altitude arctic conditions of the terrain that are forbidding.

The Kashmir operations gave us some idea of the large "quantities" of troops that a war in the mountains swallows up, while continuously asking for more.

PIVOTAL ROLE

While the difficulties of the terrain would be the same to the defenders as well as the invaders, the side that is appropriately trained and equipped is bound to have the upper hand in battle. In such a war, whereas equipment and training in high-altitude, mountain warfare with an accent on mobility and personal initiative, are obviously essential, long-range aircraft, whether serving as a stra[tegic] [...]

[...] tical influences other than British, which saved a lot of bother and kept the lengthy and forbidding northern frontier secure for British India.

But the immediate danger is not one of a military invasion but one of an ideological infiltration across the 3,000 mile-long barrier, with so many leaks in it. The leaks can be effectively plugged only by the voluntary and intelligent co-operation of the local population and by a friendly and co-operative local government which can ideologically see eye to eye with the Government of India.

EXHORTATION

Hence Mr. Nehru's exhortation to the people living on the border to remain wide awake and "watch who comes in." Hence also India's concern for friendly governments and people in the Himalayan kingdoms and tribal tracts. The benefits accruing from such friendly relations are, of course, mutual and reciprocal.

* * * *

The Communist circular addressed to other non-Congress members of Parliament is a document remarkable for its quality of being "all things to all men" and I should not be surprised if it initially ropes in quite a few independents and some of the smaller leftist groups in Parliament. The authors of the circular, at any rate, expect to rally to their "Democratic front" at least fifty members at the outset.

The Rightist opposition, being forged under the leadership of Dr. Syama Prasad Mookerjee, however, also claims over fifty adherents. One must therefore wait until after the new Parliament has met to see how the party position actually crystallises.

The circular promises, among other things, immediate formation of linguistic provinces, regional autonomy for tribal areas, withdrawal of the Kashmir dispute from the U.N., cultural autonomy for Jammu and Ladakh, free distribution of land belonging to landlords among tenants and removal of social oppression of one caste by another. It reaffirms faith in secularism, promises to cut down the military budget by fifty percent, desires India to quit the British Commonwealth and propounds a consistent peace policy pursued "in close co-operation with all peace-loving states."

Thus, one can see, the circular has a carrot in it for almost every section of political opinion in the country, except to its traditional enemies, the landlords and the capitalists and is equally uncompromising in its opposition to British interests n India.

This programme is bound to impress many. The patriotism and the sense of responsibility displayed by the Communists in Parliament [...] measure [...] they will win from [...]

"Tej" 21 [illegible] 52

کشمیر کے متعلق پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کے [illegible]

اگلے مہینوں میں کشمیر کے متعلق ہندسرکار کی پالیسی زیادہ واضح ہو جائیگی

(تیج کے خاص نامہ نگار سے)

ہندوستان کشمیر کی سرحدوں کی حفاظت کا ذمہ وار ہے

کشمیر کے معاملہ میں ہندوستان میں بڑی طاقتوں کے سفیروں کی دلچسپی

نئی دہلی ۲۸ اپریل۔ کشمیر کے ہندوستان کے ساتھ تعلقات کیا ہوں گے اور کشمیر کی سیاسی حیثیت کیا ہوگی؟ یہ سوال شیخ عبداللہ کی تازہ تقریروں سے پیدا ہو گیا ہے۔ "تیج" کے خاص نامہ نگار کا بیان ہے کہ اس سوال پر کشمیر کے لیڈروں اور ہندسرکار کے درمیان خط و کتابت شروع ہو گئی ہے۔ اور خیال کیا جاتا ہے کہ جلد ہی پنڈت نہرو شیخ عبداللہ کو بلا کر ان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ نئی دہلی کے سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ اس وقت جو صورت حالات پیدا ہو گئی ہے اُسے جلد درست کرنیکی ضرورت ہے اسلئے کہ شیخ عبداللہ کی تقریروں کو پاکستانی پریس اُچھال رہا ہے یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ انکا ہندوستانی لیڈروں سے اختلاف ہو گیا ہے۔ اور اس لئے بھی کہ نئی دہلی میں بڑی طاقتوں کے سفیر کشمیر کے معاملے میں غیر معمولی دلچسپی لے رہے ہیں نامہ نگار کا خیال ہے کہ شیخ عبداللہ نے کشمیر کی آزاد پوزیشن کے متعلق جو خیال ظاہر کیا ہے اس سے پیچیدگی پیدا ہوگی کیونکہ لداخ کی غیر معمولی جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر ہندوستان سرکار اس بات کو گوارہ نہیں کرے گی کہ اس علاقہ میں فوجی گرفت ڈھیلی کی جائے اس لئے کشمیر کو مکمل طور پر ہندوستان سے آزاد کرلینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس لئے کوئی ایسا طریقہ کرنا پڑیگا جس سے کشمیر کے متعلق ہندوستان کی فوجی اور سیاسی پالیسی واضح ہو جائے۔ نامہ نگار [illegible]

[illegible] ہو چکا ہے اسلئے رائے شماری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

[illegible] بیانوں کے متعلق کمیونسٹ لیڈر شری گوپالن کا اعلان

[illegible] لیڈر شری اے۔ کے گوپالن نے یہاں ایک ملاقات میں بتایا کہ ہم لداخ سمیت [illegible] کے ساتھ شامل کرنیکے حق میں ہیں۔ دیش کی عنانِ حکومت سنبھالنے کے بعد ہم [illegible] رہتا ہے۔ پھر چاہے وہاں شیخ عبداللہ برسرِ اقتدار ہو یا نہ ہو۔ [illegible] میں شری گوپالن نے کہا کہ وہ اس کے سخت خلاف ہیں۔ وہ ریجنل ریفرنڈم کے [illegible] کہ ایک بار کشمیر راجیہ کے مدغم ہو جانے پر اس سارے سوال پر دوبارہ غور کرنے [illegible] نیتا نے زور دار مانگ کی کہ کشمیر کا مسئلہ یو۔ این۔ او سے واپس لے لیا جائے کیونکہ [illegible] اس سمسیا کو ٹھیک طرح سے سنبھال نہیں پائی ہے۔ (نامہ نگار)

کشمیر ← کچھ بنیادی غلطیاں

۱۹۴۷ء میں ہمارے لیڈروں سے ایک بنیادی غلطی ہوئی۔ اگر وہ خانہ جنگی کا خطرہ مول لیکر بھی پاکستان کا قیام تسلیم نہ کرتے تو پاکستانی علاقہ میں بھی ایسی طاقتیں موجود تھیں جو مسلم لیگ کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتیں۔ دوسری غلطی صوبہ سرحد کے متعلق ہوئی۔ اگر کانگریس ہائی کمان صوبہ سرحد کی خودمختاری کے سوال پر ریفرنڈم کرانے پر زور دیتی تو صوبہ سرحد پاکستان کا غلام نہ بنتا۔ کشمیر کے متعلق بنیادی طور پر تین غلطیاں ہو چکی ہیں۔ ایک یہ کہ کشمیر کا مسئلہ یو۔ این۔ او میں پہنچایا گیا۔ دوسری غلطی یہ ہوئی کہ ہندوستانی فوجوں کو اوڑی-لونترہ محاذ پر آگے بڑھنے نہ دیا گیا۔ اگر یو۔ این۔ او کو مداخلت کرنے کا موقعہ نہ دیا جاتا اور کشمیر کی لڑائی جاری رکھی جاتی تو آج کشمیر کا نقشہ بالکل مختلف ہوتا۔ تیسری غلطی یہ ہوئی کہ جب دوسری ریاستوں پر ہندوستان کا ودھان لاگو کیا گیا تو کشمیر کو اس سے مستثنیٰ کر دیا گیا۔ کشمیر کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کا قیام اور کشمیر کی اندرونی خودمختاری کا خیال خود حکومت ہند نے دیا اور اب جبکہ یہ باتیں ہمارے سرکاری اعلانوں کی شکل اختیار کر چکی ہیں تو اب حقائق کو نظر انداز کر کے مزید کوئی غلطی کرنے کا نتیجہ خطرناک ہوگا اور اگر اس ضمن میں تدبر سے کام نہ لیا گیا تو اس کا مطلب اس کے سوا کچھ نہ ہوگا کہ ہم اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑا ماریں گے۔

آج کچھ لوگ کہہ دیتے ہیں کہ ہندوستان کشمیر کا مسئلہ یو۔ این۔ او سے واپس لے لے۔ کچھ لوگ لڑائی جاری کرنے کی تجویز پیش کرتے ہیں۔ ایک تجویز یہ بھی پیش ہو رہی ہے کہ کشمیر سے جموں اور لداخ کو الگ کر دیا جائے۔ چند لیڈر اور اخبار اپنی تقریروں اور تحریروں میں شیخ عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کے متعلق "غدار" اور اس طرح کے دوسرے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا ان میں سے ایک بات بھی قابل عمل ہے؟ ہندوستان ایک غلطی کر چکا۔ اب اس کے بس کی بات نہیں رہی کہ یو۔ این۔ او سے اپنا کیس واپس لے لے۔ ایسا کیا تو کوریا کی طرح جنگ شروع ہو جائے گی۔ اس مرحلے پر جموں اور لداخ کو الگ کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ کشمیر ہمیشہ کے لئے ہاتھ سے نکل جائے گا اور شاید یہ عوام کو معلوم نہیں کہ برطانیہ اور امریکہ چاہتے بھی یہی ہیں کہ کشمیر یا تو پاکستان میں شامل ہو جائے یا ہندوستان اور پاکستان سے الگ ہو کر "خودمختار" بن جائے۔ اگر ہم خود ہی جموں اور لداخ کو الگ کریں گے تو "کشمیر" خودمختار بن جائے گا۔ امریکہ اور برطانیہ کی ڈپلومیسی یقیناً اس کی حمایت کرے گی۔ اس طرح سے کشمیر تو الگ ہو ہی جائے گا۔ مگر ہندوستان میں اس کا ردعمل بلا شک و شبہ ناخوشگوار صورت میں رونما ہوگا۔ یہ بلا شبہ خانہ جنگی بھی پیدا کر سکتی ہے۔ اس لئے ہمیں سوچنا چاہیئے کہ کیا ہم کشمیر کو گنوا دینے اور اپنے آپ کو خانہ جنگی کا شکار بنانے کے لئے تیار ہیں؟

غلطی ہو چکی۔ کشمیر کو صرف تین معاملات میں شامل کرنے کے بعد حکومت ہند نے اندرونی طور پر اسے خودمختار بنا دیا۔ یہ بات ودھان میں درج ہے۔ کشمیر میں کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی قائم ہوئی تو ہر ایک نے اس کی تعریف کی۔ یہ سمجھا گیا کہ یہ اسمبلی پاکستان اور یو۔ این۔ او کے ہتھکنڈوں کے خلاف ایک ہتھیار کے طور پر استعمال ہوگی۔ لیکن ہوا اس کے الٹ۔ کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کشمیر کا اندرونی آئین خود مرتب کر رہی ہے۔ کشمیر کے لیڈر دو تین ایسے فیصلے کر چکے ہیں جن سے پھر جائیں تو ان کا اپنا سیاسی مستقبل خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ معاوضہ دئے بغیر زمینداری ختم کر چکے ہیں اور مہاراجہ کا انسٹی ٹیوشن ختم کرنے کا اعلان کر چکے ہیں۔ یہ دو باتیں غلط سہی لیکن آج وہ ان سے پھر نہیں سکتے۔ پھر جائیں تو کشمیر کے کسان اور عوام کی اکثریت ان کے خلاف ہو جائے گی۔ ریفرنڈم تو لازمی طور پر ہونا ہے۔ آج ہو یا کل۔ جب ہم یو۔ این۔ او کو نگران قرار دینے کی غلطی کر چکے ہیں تو اب اس کے نتائج کا بھی سامنا کرنا چاہیئے۔ اگر ریفرنڈم سے پہلے یہ حالت پیدا کر دی گئی کہ ہندوستان اپنا ودھان کشمیر پر زبردستی ٹھونسنا چاہتا ہے اور ہندوستان میں نیشنل کانفرنس کے خلاف پراپیگنڈا جاری رہا تو کشمیر کے عوام بدظن ہو جائیں گے اور ریفرنڈم کا نتیجہ لازمی طور پر ہندوستان کے خلاف ہوگا۔ اگر کشمیر نے ایک بار پاکستان کے حق میں فیصلہ دے دیا تو اسے عملی طور پر پاکستان کا حصہ بننے سے روکنا ناممکن ہو جائے گا۔ ہمارے لئے دو ہی راستے ہیں، یا اپنے سابقہ فیصلوں پر قائم رہ کر مستقبل میں تدبر سے کام لینا سیکھیں اور کشمیر کو بچا لیں یا جنگ کا راستہ اختیار کریں اور اس بات کی کوئی پرواہ نہ کریں کہ جنگ میں ہمیں کن طاقتوں کا مقابلہ کرنا پڑے گا اور اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔

ڈیموکریسی کی ایک بہت بڑی خامی یہ ہے کہ کسی کی زبان بند نہیں کی جا سکتی۔ کسی اخبار کو آزادانہ تحریر سے روکا نہیں جا سکتا۔ پاکستان میں ڈیموکریسی نہیں اس لئے پاکستان کے اندرونی حالات خراب ہونے کے باوجود حکومت تحریر اور تقریر کی غیر ذمہ دارانہ آزادی کے نتائج پر قابو پا سکتی ہے۔ ہمارے ہاں حالات اس کے برعکس ہیں۔ ایک طبقہ جو گاندھی جی اور جواہر لال کو پانی پی پی کر کوستا تھا اور شیخ عبداللہ کے ہمیشہ خلاف رہا وہ آج بھی اسی پالیسی پر کاربند ہے۔ پنڈت نہرو تو اس طبقے کو نظر انداز کرنے کی جرأت رکھتے ہیں مگر شیخ عبداللہ جب کبھی کسی اخبار یا لیڈر کو اپنے خلاف دیکھتے ہیں تو فوراً بے قابو ہو کر ایک جذباتی تقریر کر دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان اخباروں اور لیڈروں کو پھر لکھنے اور بولنے کا موقعہ مل جاتا ہے۔ اس سے ایک ایسی ناگوار بحث شروع ہو گئی ہے جس سے کسی کو فائدہ نہیں ہو سکتا۔ آج یہ حالت ہے کہ شیخ صاحب بگڑ رہے ہیں نہ تو وہ پچھلی سطح سے اوپر اٹھ کر وسیع النظری سے کام لیتے ہیں نہ ہی ان کے پرانے مخالف سوچتے ہیں کہ اس بحث کا نتیجہ کیا ہوگا۔ جہاں ہندوستان نے کئی غلطیاں کیں وہاں شیخ صاحب نے یہ غلطی کی کہ ایک تو انہوں نے کشمیر کو ہندوستان کے موافق بنانے کے لئے اسی قدر توجہ دی کہ وہ بھول گئے کہ کشمیر کے علاوہ ان کی ریاست میں جموں اور لداخ بھی موجود ہیں۔ ان کی دوسری غلطی یہ ہے کہ جہاں پنڈت جواہر لال نہرو ہندو اکثریت سے تعلق رکھنے کے باوجود متحدہ ہندوستانی قوم کے نقطہ نظر سے ہر ایک بات کرتے ہیں وہاں شیخ صاحب ذہنی طور پر فرقہ پرست نہ ہوتے ہوئے بھی محض ... سے چڑ کر اقلیتوں کو نظر انداز کر رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی تقریروں کو ہندوستان میں فرقہ پرست ہندو اخبار بھی اچھالتے رہتے ہیں اور فرقہ پرست مسلمان اخبار خالص فرقہ پرستی کے نقطہ نگاہ سے رائی کا پہاڑ بنا دیتے ہیں اور اس سے کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ ... اس وقت ہر شخص صرف ہندوستان کا مفاد اپنے سامنے رکھے اور اس معاملے کو ہرگز طول نہ دے ورنہ حالات خراب ہو جائیں گے اور جس طرح ۱۹۴۷ء سے پہلے کا زمانہ ...

... کے باوجود
... کشمیر کا مستقبل
... پنڈت جی
... کہ اسی صورت
... کشمیر کے سوال
... شیخ ... کو بھی
اور سو ... کشمیر میں
... ریاست کے ...

"Veer Bharat" D/ 30.4.52 Amritsar.

کشمیر میں جنگ شروع کرنے کے لئے آٹھ ماہ

کشمیر مسلم کانفرنس کی گیدڑ بھبکیاں — پاکستانی اخبارات شیخ عبداللہ کی تقریر پر شر انگیز تبصرے کر رہے ہیں — غلام کشمیر کے لیڈروں پر بھی نکتہ چینی — جنگ کی مشقیں پھر شروع ہو رہی ہیں — ہمارے مغربی پنجاب میں ایک سال انصاب ہندو سکھ جائیدادیں اگلے ماہ تک مکمل طور سے ہضم کر لی جائیں گی

شیخ محمد عبداللہ کی تازہ تقریریں پاکستان کے اخبارات میں طویل تبصروں کا موضوع بنی ہوئی ہیں۔ آفاق لکھتا ہے:

"آج اخبارات میں یہ اطلاع شائع ہوئی ہے۔ کہ لداخ اور جموں کے غیر مسلموں کی یہ کوشش ہے۔ کہ ان کے علاقے آزاد قرار دے دئے جائیں۔ تاکہ اگر کبھی موقع پر رائے شماری کے نتیجہ میں ریاست کشمیر پاکستان سے الحاق کا فیصلہ کر دے۔ تو کم از کم لداخ اور جموں کے غیر مسلم پاکستان سے علیحدہ رہ سکیں۔ یہ ہے وہ ذہنیت جس کے خلاف شیخ عبداللہ نے شکایت کی تھی۔ لیکن حرف شکایت زبان پر لانے کے جرم میں بھارتی رہنماؤں اور اخبارات نے بھارت اور کشمیر کے مسلمانوں کے خلاف اپنے عزائم کا انکشاف کر دیا۔ خدا کرے شیخ عبداللہ اب بھی سیاسی تدبر کا ثبوت دیں۔ اور فیصلہ کریں۔ کہ کشمیری مسلمانوں کا مستقبل صرف پاکستان سے الحاق کی صورت میں ہی محفوظ رہ سکتا ہے قدرت کی جانب سے صورت حال کا اندازہ لگانے کے لئے انہیں یہ ایک اور موقع دیا گیا ہے۔ اگر اس کے بعد بھی ان کی آنکھیں نہ کھلیں۔ تو پھر نتیجہ ظاہر ہے۔ ہماری دعا ہے کہ خدا شیخ عبداللہ کو صحیح اور غلط میں پہچان کرنے کی تمیز عطا کرے۔"

آفاق نے شیخ عبداللہ پر ڈورے ڈالے ہیں۔ لیکن کشمیر کی مسلم کانفرنس نے دھمکیاں دی ہیں۔

"آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے تقریباً پانچ سو کارکنوں کی کنونشن نے ایک قرارداد میں مطالبہ کیا ہے کہ اگر حکومت پاکستان ۳۱ دسمبر ۱۹۵۲ء تک کوئی ٹھوس قدم اٹھا کر مسئلہ کشمیر کو حل کرانے میں کامیاب نہ ہوئی تو جموں و کشمیر مسلم کانفرنس اس مسئلہ کو براہ راست اپنے ہاتھ میں لینے پر مجبور ہو جائے گی۔ اور جہاد کہ جنگ کے سلسلہ میں تمام بین الاقوامی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کا اعلان کر دیگی۔"

زمیندار نے اس دھمکی کی حمایت کرتے ہوئے لکھا ہے:

پاکستان نے کشمیر ایسے اہم قومی سوال کے بارے میں اس وقت جو حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے یہ اعلان اس کا قدرتی ردعمل ہے۔ اور عوام کے جذبات و احساسات کی پوری طرح نمائندگی کرتا ہے۔ حکومت پاکستان نے مسئلہ کشمیر کا تصفیہ اقوام متحدہ پر چھوڑ رکھا ہے۔ لیکن اقوام متحدہ کا طرز عمل کیا ہے۔ اس کے جواب میں خود پاکستان کے وزیر اعظم الحاج خواجہ ناظم الدین انتہائی مایوسی کا اظہار کر چکے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جب ارباب حکومت خود بھی اقوام متحدہ کے طرز عمل سے مطمئن نہیں ہیں۔ تو پھر مسئلہ کشمیر کا حل کیا ہے؟ اگر کہا جائے کہ ممکن ہے۔ سکیورٹی کونسل راہ راست پر آجائے۔ تو یہ خوش فہمی سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔

غلام کشمیر میں پھوٹ

زمیندار نے تو کشمیر مسلم کانفرنس کی دھمکی پر مسرت ظاہر کی ہے۔ لیکن "احسان" مسلم کانفرنس کی باہمی پھوٹ پر آنسو بہا رہا ہے۔ وہ لکھتا ہے۔

"آج پاکستان کا ہر شخص کشمیر کی جدوجہد آزادی کے لئے مضطرب ہے۔ پاکستانی عوام اور مسلم لیگی حکومت سے جو کچھ بن پڑا۔ انہوں نے اسے قومی فریضہ تصور کرتے ہوئے انجام دیا ہے۔ لیکن ہمارے کشمیری رہنماؤں کے اغلاط سے پنجاب کے بعض انتشار پسند عناصر ناجائز فائدہ اٹھانے کی جو کوشش کر رہے ہیں۔ اس پر ہم اظہار افسوس کے لئے مجبور ہیں۔

مقام مسرت ہے کہ چوہدری غلام عباس اس دفعہ یوم اقبال کے اجلاس میں تشریف نہ لائے۔ لیکن کیا ہی اچھا ہوتا۔ کہ تحریک آزادی کشمیر کے ایک اور جانباز مسٹر اللہ رکھا ساغر بھی اس جلسہ میں شرکت سے احتراز فرماتے۔"

یہ امر قابل ذکر ہے۔ کہ غلام کشمیر کی مسلم کانفرنس میں ایک بڑی جنگ انتخابات کے سوال پر شروع ہے غلام عباس گروپ ان انتخابات کو ڈھونگ قرار دیتا ہے لیکن ابراہیم گروپ یہ اعلان کر رہا ہے۔ کہ انتخابات آئین کے عین مطابق ہیں۔

مغربی پنجاب میں جنگ کی مشقیں ایک بار پھر شروع ہو رہی ہیں ایک بہت بڑا مظاہرہ ۵ مئی کو ہوگا جبکہ بجلی اور پانی کی سپلائی کاٹ دی جائے گی۔

ہندوؤں اور سکھوں کے مکانوں پر قبضہ

پاکستان گورنمنٹ نے ہندوؤں سکھوں کے چھوڑے...

"Veer Bharat" 21/30.4.52 Delhi.

شیخ عبداللہ کشمیر کیلئے نیم خودمختاری چاہتے ہیں۔ وزیراعظم جموں و کشمیر کے نزدیکی حلقوں کا انکشاف

سرینگر ۲۸ اپریل۔ ہوشیار ابزرور وں کا کہنا ہے کہ شیخ عبداللہ وزیراعظم کشمیر نے تمام باتیں صاف صاف بتادی ہیں اب پنڈت نہرو کی باری ہے کہ وہ جو کارروائی مناسب سمجھتے ہیں کریں۔ بھارت اور کشمیر کے تعلقات بہت نازک مرحلہ پر پہنچ چکے ہیں۔ کچھ لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ بھارت اور کشمیر کے تعلقات ٹوٹ جانے کا ابھی تک کوئی خدشہ پیدا نہیں ہوا ہے۔ اس سلسلہ میں غلط فہمیاں دور کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ لیکن ہر جگہ یہ سوال

بھارت اور کشمیر میں کرائسس انتہا کو پہنچ چکا ہے

باخبر اور ہوشیار مبصروں کی رائے

شیخ عبداللہ نے بازی پھینک دی ہے۔ اب معاملہ ہند کے ہاتھ میں ہے

پوچھا جارہا ہے کہ آخر شیخ عبداللہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ شیخ عبداللہ کے قریبی حلقوں میں یہ یقین کیا جارہا ہے کہ شیخ عبداللہ کشمیر کیلئے نیم آزادی کا درجہ حاصل کرنے کی کوشش میں ہیں

صرف ڈیفنس، معاملات خارجہ اور کمیونیکیشن کے صیغے ہی بھارت کے ماتحت رکھنا چاہتے ہیں۔ کشمیر کے وزیر مال مرزا افضل بیگ نے پچھلے دنوں کشمیر کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کے سیشن

میں اس امر کا اعلان کر دیا تھا کہ کشمیر کو … اور خود مختار ری پبلک کی حیثیت … عبداللہ اس وقت جبکہ کشمیر کا معاملہ … اور اسکے بارے میں بھارت اور پاکستان … دنیا کو اور کشمیر کی جنتا کو یہ بتا دینا … مندرجہ بالا تین محکموں کے معاملہ میں … اور باقی معاملوں میں قطعی آزاد رہے … میں پہلی بار شیخ عبداللہ نے اپنی ۲۵ اپریل … میں فرقہ وارانہ جراثیم کا ذکر نہیں کیا ہے … بھارت میں ایک قسم کی اصلاح بتایا جارہا …

ایڈیٹوریل صفحہ

شیخ عبداللہ کی تازہ تقریر

کشمیر کے مکھیہ منتری شیخ عبداللہ نے جموں کے نزدیک ایک اور تقریر کرتے ہوئے بھارت کے لیڈروں اور اخبارات سے اپیل کی ہے۔ کہ وہ کشمیر کے متعلق قلم اٹھاتے اور زبان چلاتے وقت سوچ وچار سے کام لیا کریں۔ مگر کیا ہی اچھا ہو۔ کہ وہ ہندوستانی اخبارات اور لیڈروں کو ایسا اپدیش دینے سے پہلے اس "مشورہ" کو خود ہی اپنی حالت پر بھی استعمال کریں۔ کیونکہ ان کی تقریریں ان کے متعلق ایک غلط فہمی پیدا کر رہی ہیں۔ اور کشمیر کے بہترین دوستوں کو بھی یہ سوال دریافت کرنے پر مجبور کر رہی ہیں۔ کہ شیخ عبداللہ ان دنوں کس ڈھنگ سے سوچ رہے ہیں۔ اور کیسی باتیں کر رہے ہیں۔

شیخ عبداللہ غلط فہمی میں ہیں۔ اگر وہ سمجھتے ہیں۔ کہ بھارت کے کچھ لوگ کشمیر کو کسی طرح کی دھمکیاں یا طعنے دیتے ہیں۔ جب وہ کشمیر کو اپنا ایک انگ سمجھتے ہیں۔ اس کی خوشحالی کو اپنی خوشحالی سمجھتے ہیں۔ تو دھمکیوں اور طعنے بازی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ مگر شیخ صاحب نے اپنی تقریروں سے جو اپنے متعلق ایک غلط فہمی سی پیدا کر دی ہے اسے وہ ضرور دور کرانا چاہتے ہیں۔ تاکہ معلوم ہو جائے۔ کہ وہ کہاں کھڑے ہیں۔ جیسا کہ پارلیمنٹ کے سابق ممبر شری … نے اپنے تازہ بیان میں فرمایا ہے۔ کہ شیخ صاحب کی تقریروں سے ان کے بہترین دوستوں کو بھی افسوس ہوا ہے۔ اور ان کی آنکھیں کھل رہی ہیں۔ اس سوال کی اہمیت تقاضا کرتی ہے۔ کہ شیخ صاحب جلدی ہی اپنی صحیح پوزیشن بھارت سرکار کے سامنے رکھ دیں۔ اور تقریریں کرنے سے احتراز کریں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ صحیح طور پر معلوم ہو جائے۔ کہ شیخ صاحب بھارت کے ساتھ اپنے سیاسی آئینی اور اقتصادی تعلقات کو کس حد تک قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ یہ غلط ہے کہ بھارتی تاجر تجارت کے معاملے میں ان کو کسی قسم کی دھمکی دینا چاہتے ہیں۔ یا اقتصادی بائیکاٹ کرنا چاہتے ہیں۔ مگر یہ ایک قدرتی بات ہے۔ کہ ایک پرائیویٹ تاجر بیوپار کرتے وقت اپنے روپیہ کو ہر طرح سے محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔ اگر شیخ صاحب بھارت کو کوئی غیر سمجھتے ہیں۔ تو دوسروں میں شبہات پیدا ہوں تو تعجب ہی کیا ہے۔ جموں اور لداخ کا سوال بھی ایک نیا مسئلہ بن کر سامنے آگیا ہے۔ اور اس قسم کے مسائل یقیناً دوستانہ فضا میں حل کئے جا سکتے ہیں نہ کہ پلیٹ فارم کی تقریروں سے۔ آخر شیخ عبداللہ کو یہ کہنے کی ضرورت بار بار کیوں ہو رہی ہے۔ کہ آئین ساز اسمبلی آخری فیصلہ الحاق کے متعلق کرے گی۔ کم از کم یہ تو معلوم ہونا چاہئے کہ وہ خود کیا چاہتے ہیں۔ ان کی اپنی خواہش کیا ہے۔ آخر ان کے ان الفاظ کا کیا مطلب ہے کہ ہم کسی خاص مقصد کے لئے دی گئی امداد کو منظور نہیں کریں گے۔ البتہ اگر غیر مشروط طور پر مدد دی جائے۔ تو شکریہ کے ساتھ منظور کریں گے۔

شیخ صاحب نے پچھلے دنوں رنبیر سنگھ پورہ میں جو تقریر کی تھی۔ اس کے متعلق پنڈت نہرو کو بھی یہ کہنا پڑا تھا کہ وہ ان کی اس تقریر سے خوش نہیں ہیں۔ بعد میں شیخ عبداللہ کی طرف سے کہا گیا۔ کہ ان کی تقریر کو غلط طور پر پیش کیا گیا ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ ان کی اس تقریر کے متعلق بھی بعد میں کچھ ایسا ہی کہا جائے۔ اس سوال کی اہمیت تقاضا کرتی ہے کہ شیخ صاحب ایک باقاعدہ بیان جاری کریں۔ تاکہ بھارتی جان سکیں کہ ان کے وچار کیا ہیں۔ اور اس کی روشنی میں اپنے وچار اپنی حکومت کے سامنے رکھ سکیں۔ بہتر تو یہ ہوگا۔ کہ پنڈت نہرو خود شیخ عبداللہ کے ساتھ اس سوال کے متعلق تبادلہ خیالات کریں۔ اور اس کے بعد ایک اعلان عام جنتا کے سامنے رکھیں۔ تاکہ عوام کے سامنے صحیح پوزیشن آ جائے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے متعلق مصدقہ بیان شائع ہونا اشد ضروری ہے۔ تاکہ کشمیر کے دوست اس کی روشنی میں اپنے وچار پبلک طور پر پرگٹ کر سکیں۔

"MILAP" D/30.4.52 Delhi.

کمیونسٹ پارٹی کیطرف سے تمام جموں وکشمیر کو ہند میں شامل کئے جانیکی حمایت

(شری گوپالن سے انٹرویو !!)

کشمیر میں جن مت کرائے جانے کی کوئی ضرورت نہیں

مسئلہ کشمیر کو اتحادی سبھا سے واپس لئے جانے کا مطالبہ

نئی دہلی۔ ۲۸ اپریل۔ کمیونسٹ لیڈر شری اے کے گوپالن نے یہاں ایک ملاقات میں بتایا کہ ہم لدخ سمیت مکمل جموں وکشمیر راجیہ کو بھارت کے ساتھ شامل کرنے کے حق میں ہیں۔ دلیش کی عنان حکومت سنبھالنے کے بعد ہم دیکھیں گے کہ ہمارا یہ مقصد پورا ہوتا ہے۔ پھر چاہے شیخ عبداللہ وہاں برسر اقتدار ہو یا نہ ہو۔ کشمیر میں ریفرنڈم کے بارے میں شری گوپالن نے کہا۔ کہ وہ اس کے سخت خلاف ہیں۔ وہ ریجنل ریفرنڈم کے بھی خلاف ہیں آپ نے کہا کہ ایک بار کشمیر راجیہ کے مدغم ہو جانے پر اس سارے سوال پر دوبارہ غور کرنے کی کوئی ضرورت نہیں کمیونسٹ نیتا نے زوردار مانگ کی کہ کشمیر کا مسئلہ یو۔ این۔ او سے واپس لے لیا جائے۔ کیونکہ یو۔ این۔ او۔ اب تک کسی بھی سمسیا کو ٹھیک طرح سلجھا نہیں پایا ہے۔

نئی پارلیمنٹ میں اپوزیشن بنانے کے بارے میں شری گوپالن نے بتایا کہ انہیں امید ہے کہ ان کے ساتھ ساٹھ ممبر مل جائیں گے۔ ۱۳ مئی کو نئی دہلی میں جو غیر کانگرسی ممبران کی جو میٹنگ بلائی گئی ہے۔ اس میں اس پروگرام پر وچار ہوگا۔ جو کہ کم سے کم تسلیم شدہ ہے۔ اور اس میں مناسب رد و بدل کی جائے گی۔ اس کو آخری طور پر پاس کر لینے کے بعد سبھی ممبران کے دستخط کرا لئے جائیں گے۔ اور اس سے سارے بندھے رہیں گے۔ آپ نے یہ بھی بتایا۔ کہ پارلیمنٹ کی عارضی

شری گوپالن کا بیان بقیہ ص۱

کے عارضی سپیکر شری ماولنکر کو رسمی طور پر لکھا جائیگا کہ وہ پارلیمنٹ میں یونائیٹڈ فرنٹ کو سرکاری طور پر اپوزیشن پارٹی کے طور پر تسلیم کر لیں۔ انہوں نے کانگرس کے پردھان شری نہرو پر یہ الزام لگایا کہ وہ ڈاکٹر مکرجی کو دائیں بازو کے گروپ کا لیڈر بنا کر دائیں بازو کے گروپ کو سرکاری اپوزیشن پارٹی کے طور پر منظوری دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پر جاتنتری طاقتوں کو دبایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تعداد میں زیادہ ہیں۔ اور اگر ہمیں سرکاری طور پر اپوزیشن نہ سمجھا گیا۔ تو ہم دنیا کو دکھائینگے کہ کانگرس کی جمہوریت کیسے کام کر رہی ہے۔

شیخ عبداللہ کے بیانات ٹھوس حقیقتوں سے آنکھیں موند لینے کے مترادف ہیں

ہندوستانی تاجروں نے ریاستی تاجروں کو ادھار دینا بند کر دیا۔ صدر جموں چیمبر آف کامرس کا بیان

جموں۔ ۲۸ اپریل۔ جموں چیمبر آف کامرس کے صدر شری گردھاری لال آنند نے ایک بیان میں شیخ عبداللہ سے اپیل کی ہے کہ وہ حقائق پر ٹھنڈے دل سے غور کریں۔ ان کا برانہ منائیں شیخ عبداللہ کی شعلہ باردانی تقریروں کا ذکر کرتے ہوئے شری آنند نے کہا ہے کہ اس بیان کا سیدھے سیدھے لفظوں میں مطلب یہ ہے کہ کشمیر کو ہند سے تجارت کی ضرورت نہیں یا اسے ہند کی فوجی امداد کی ضرورت ہے۔ جو کہ شیخ عبداللہ کی متعدد بغیر تقریروں کی تردید ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسا کہنا حقائق سے آنکھیں موندنا ہے کشمیر کو ہند سے آنے والے مال پر سالانہ ۴ کروڑ کی کسٹم آمدنی ہے (باقی صفحہ ۶ پر)

Hind Smachar Jullundhur.
Dt 30-4-52.

روزانہ ہند سماچار جالندھر

۳۰ اپریل ۱۹۵۲ء

شیخ صاحب کدھر جا رہے ہیں؟

شیخ صاحب کی دو تقریروں نے ہندوستانیوں کے دلوں کو بے چین کر کے رکھ دیا ہے۔ آج ہر شخص کی زبان پر یہی فقرہ ہے۔ شیخ صاحب کدھر جا رہے ہیں۔ ان تقریروں کی تہ میں کیا پالیسی کام کر رہی ہے ... میں اور میرے جیسے ہزاروں لوگ خود تذبذب میں ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ شیخ صاحب نے یہ تقریریں کر کے کشمیر کے کاز کو تقویت نہیں پہنچائی بلکہ دنیا اور پاکستان کی نظروں میں ہندوستان کے وقار کو خراب کیا ہے۔ آج تک ہندوستان کے بچے بچے نے کشمیر کی جنگ کو ہندوستان کی جنگ سمجھا۔ کشمیر پر حملہ کو ہندوستان پر حملہ تصور کیا۔ کشمیر کی عصمت کو بچانے کے لئے ہندوستان کا ہر فوجی نوجوان شیر کی طرح میدانِ جنگ میں لڑا۔ ہند کے ہزاروں جوان اس جنگ میں شہید ہو گئے۔ روپیہ پانی کی طرح بہایا گیا۔ کشمیر کے لوگوں کو اگر پسینہ بھی آیا تو ہندوستان نے اپنا خون بہا دیا۔ اور اس کی آزادی کو بحال رکھنے کے لئے کیا کچھ نہ کیا۔ اور آج جب ہندوستان اس جنگ پر دد

روزانہ ملاپ — نئی دہلی، جالندھر، حیدرآباد
بدھ وار — ۳۰ - اپریل سنہ ۱۹۵۲ء

لعنت اِس آزادی پر —!

آزادیٔ تحریر و تقریر جمہوری ادھیکار کا ایک لازمی حصہ ہے لیکن کئی بار یہ آزادی ایسا بھیانک اور شرمناک روپ بھی دھارن کر لیتی ہے کہ دیکھنے والے چلا اٹھتے ہیں — "لعنت ہے اس آزادی پر!" — کشمیر کے بارے میں کچھ ہندوستانی اخبارات نے ایک طرف — اور محترم شیخ عبداللہ صاحب نے دوسری طرف جو لب و لہجہ اختیار کیا، وہ کچھ اسی قسم کا معلوم ہوتا ہے۔ ایک بھائی نے کل شکایت کے طور پر مجھے کہا — "کشمیر کے بارے میں تم اتنی سختی سے نہیں لکھتے جتنی سختی سے کچھ دوسرے اخبار لکھتے ہیں" — میں نے ان کی بات سنی اور خاموشی سے آگے بڑھ گیا۔ صرف اتنا کہا — "آپ ٹھیک فرماتے ہیں" — لیکن شیخ عبداللہ کے متعلق میں سختی سے کیوں نہیں لکھتا اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ بطور ایک اخبار نویس کے میں ملک کے متعلق اور ملک کے مسائل کے متعلق اپنی ذمہ داری کو سمجھتا ہوں۔ یہ ٹھیک ہے کہ ملک کے آئین نے مجھے آزادی دی ہے۔ میں جو بھی چاہوں لکھ سکتا ہوں لیکن اس آزادی نے میرے اوپر یہ ذمہ داری بھی عائد کی ہے کہ میں جو کچھ لکھوں سوچ سمجھ کر لکھوں۔ اس خیال کو سامنے رکھ کر لکھوں کہ اس سے ملک کا کوئی مسئلہ زیادہ پیچیدہ نہ ہو۔ ناقابلِ حل نہ بن جائے — آزادی ایک حق ہے — لیکن اس حق کے ساتھ ساتھ میرے اوپر ایک فرض بھی عائد ہوتا ہے۔ اگر میں اس فرض کو فراموش کر دوں تو یقینی طور پر میں گناہ کروں گا — لیکن اس صاف اور سیدھی بات کو کچھ دوسرے بھائیوں نے نہیں سمجھا ہے۔ شیخ عبداللہ نے رنبیر سنگھ پورہ میں ایک تقریر کی۔ اس میں دو حصے تھے۔ ایک یہ کہ شیخ صاحب کے خیال میں کشمیر کی آئینی پوزیشن کیا ہونی چاہئے۔ دوسرا یہ کہ ہندوستان میں فرقہ پرستی موجود ہے۔ اس لئے کشمیر کا ہندوستان میں کلیتاً شامل ہونا منظور نہیں۔ جس دن یہ تقریر ہوئی اخباروں میں چھپی۔ اس کے دوسرے ہی دن شیخ صاحب نے دوسری بات کی تردید کی اور اعلان کیا کہ یہ بات میں نے اپنی طرف سے نہ کہی تھی۔ بلکہ یہ کہا تھا کہ کچھ لوگ ایسی بات کہتے ہیں — اس کے بعد معاملہ ختم ہو جانا چاہئے تھا لیکن ایک ہفتہ سے اخبار تقریر کے اسی حصے پر بحث کر رہے ہیں۔ "الجمعیۃ"، "خلافت"، "القاسم" اور اسی قسم کے کچھ دوسرے اخبار فرماتے ہیں کہ — شیخ صاحب نے جو کچھ کہا وہ بالکل درست کہا — کچھ دوسرے اخبار شیخ صاحب کے سخت سست باتیں کہتے ہوئے فرما رہے ہیں کہ انہوں نے جو کچھ کہا وہ بالکل غلط اور بیہودہ ہے — سوچ کر دیکھئے کہ یہ طرزِ عمل کیا ہے؟ شیخ صاحب کہتے ہیں کہ میں نے فلاں بات سرے سے کہی نہیں۔ لیکن ہمارے ملک میں یہ لوگ اسی بات پر بحث کر رہے ہیں کہ جو کچھ انہوں نے نہیں کہا وہ درست ہے یا غلط؟ یقینی طور پر یہ اخبار نویسی نہیں ہے۔ ملک کے آئین نے ہمیں آزادیٔ تحریر کا جو حق دیا ہے۔ اس کا جائز استعمال نہیں ہے۔ شیخ صاحب نے جب کہہ دیا میں نے فلاں بات نہیں کہی تو ہمیں ان پر اعتبار کرنا چاہئے۔ لیکن ایسا کرنے کی بجائے ہمارے کچھ اخبار ان کی اس بات کو جو انہوں نے نہیں کہی درست ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کچھ دوسرے اخبار غلط ثابت کرنے کی۔ یہ عقلمندی اور فرض شناسی ہے تو میں سمجھ نہیں پایا کہ ناسمجھی اور بے تدبیری کس کا نام ہے؟ کچھ اخباروں نے یہاں تک کہنا شروع کر دیا کہ شیخ صاحب کی نیت اچھی نہیں۔ وہ فرقہ پرست ہیں اور پاکستانی ہیں۔ میں سمجھ نہیں پاتا کہ ایسی بیہودہ باتیں کہنے کا فائدہ کیا ہے؟ ہو سکتا ہے کہ ایسی باتیں لکھنے سے چند اخبار زیادہ فروخت ہو جائیں اور کچھ ناسمجھ لوگ کہہ اٹھیں کہ "واہ! خوب لکھا ہے!" لیکن ملک کا کوئی مسئلہ تو اس سے حل ہونے والا نہیں ہے — ایک اخبار نے جس نے انتشار و اختلاف کی ہمیشہ پوجا کی ہے شیخ صاحب کے متعلق یہاں تک لکھ دیا کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ شیخ صاحب کو نہیں کرنا ہے نیشنل کانفرنس کو نہیں کرنا ہے — ہزاروں ...

... کر سکتے۔" — اور میں نے حیرت کے ساتھ سوچا کہ ان سطور کے لکھنے والے کا دماغ تو گھاس چرنے نہیں چلا گیا۔ آخر اسے کیا ہو گیا ہے؟ جذباتی طور پر یہ بات بہت اچھی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن جذبات سے اوپر اصلیت کی دنیا میں ان الفاظ کی کیا حقیقت ہے؟ نیشنل کانفرنس کشمیر کی سب سے بڑی جماعت ہے۔ کشمیر کی آئین ساز اسمبلی میں نیشنل کانفرنس کے سوائے اور کسی بھی جماعت کا کوئی پرتی ندھی نہیں۔ ہم تسلیم کر چکے ہیں کہ کشمیر کی آئین ساز اسمبلی کو کشمیر کے مستقبل کے متعلق فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار ہے۔ لیکن سب باتوں کو یک نگاہ نظر انداز کر کے فرما رہے ہیں کہ — "نیشنل کانفرنس کون ہے اور شیخ عبداللہ کون ہیں جو کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کریں" — نیشنل کانفرنس کے لیڈروں کو سمجھانے اور عقل و تدبیر کا راستہ دکھانے کی بجائے اگر ہم ایسی باتیں کرتے ہیں تو اس سے کوئی فائدہ ہونے والا ہے تو مجھے نظر نہیں آتا ہے۔ شیخ صاحب کو گالیاں دینے کر یا نیشنل کانفرنس کے لیڈروں کی چڑ اگر ہم کشمیر کو یا ہندوستان کو کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہیں ایسا سمجھنا سراسر لغو ہے۔ یہ اخبار نویسی نہیں ہے بدترین قسم کی موقع پرستی اور خود غرضی ہے۔ یہ لوگ بھول گئے ہیں کہ اخبار نویس کا کام لوگوں کو گمراہ کرنے اور ان کے جذبات کو بھڑکا کر صرف روپیہ کمانا نہیں ہے۔ دیش اور دیش کے مسائل کے متعلق سنجیدگی کے ساتھ سوچنا اور عوام کی درست رہنمائی کرنا ہے۔ روپیہ کمانا ہی انسان کی زندگی کا فرض ہو تو وہ بازاری عورتیں بہترین قسم کی انسان سمجھی جانی چاہئیں جو اپنے ضمیر کے ساتھ ساتھ اپنے جسم کو فروخت کر کے روپیہ کماتی ہیں —

لیکن ہندوستان کے کچھ اخباروں نے اگر بے تدبیری اور فرض ناشناسی کا ثبوت دیا تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ شیخ صاحب کیا کر رہے ہیں؟ اپنی سرینگر والی تقریر میں انہوں نے اخباروں کو اپدیش دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں اور زیادہ سنجیدگی سے کام لیں۔ ان کا یہ اپدیش بالکل درست ہے۔ لیکن نہایت پیار سے ادب سے اور احترام سے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو اپدیش وہ دوسروں کو دیتے ہیں اس پر خود عمل کیوں نہیں کر سکتے؟ وہ کشمیر کے وزیر اعظم اور سب سے بڑے نیتا ہیں۔ اپنی تقریروں کو وہ ایک بار شانتی سے بیٹھ کے پڑھیں اور دیکھیں کہ کیا ایسی تقریریں ایک وزیر اعظم کو کرنی چاہئیں تھیں۔ ان کا یہ کہنا کہ "ہم ہندوستان کو اپنا ان داتا تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ ہم روپے اور رکھشا کے بدلے اپنی آزادی فروخت کرنے کو تیار نہیں" — اگر سراسر جذبات پرستی نہیں تو اور کیا ہے؟ کس احمق نے انہیں بتایا ہے کہ ہندوستان کشمیر کا ان داتا بننا چاہتا ہے؟ کس نے انہیں کہا ہے کہ وہ روپیہ اور رکھشا کے بدلے کشمیر کی آزادی خرید لینا چاہتا ہے؟ پنجاب، یو۔ پی۔ سی۔ پی۔ بمبئی اور دوسرے صوبے ہندوستان سے سہائتا لیتے ہیں۔ ان کی ہر مصیبت دیش کی مصیبت بن جاتی ہے۔ ان کی رکھشا کے لئے ہندوستان ذمہ دار ہے۔ ان کی بہتری کے لئے سارا ملک ذمہ دار ہے۔ لیکن کس میں جرأت ہے جو کہہ سکے کہ یہ صوبے ہندوستان کے غلام ہیں یا انہوں نے اپنی آزادی ہندوستان کے ہاتھ میں فروخت کر دی ہے؟ ہندوستان آخر ہے کیا؟ کوئی ایک آدمی نہیں۔ کوئی ایک علاقہ نہیں — بلکہ ان سبھی صوبوں، پرانتوں اور ریاستوں کا مجموعہ جو اس میں شامل ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی پرانت، کوئی بھی صوبہ، کوئی بھی ریاست کسی دوسرے کی غلام نہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ کشمیر بھی انہیں کی طرح ہندوستان میں شامل ہو۔ شیخ صاحب کو اگر یہ مشورہ پسند نہیں تو وہ اپنے لئے مختلف فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ہندوستان کو ضرورت ہوگی تو کشمیر کو اس کی شرائط کے ساتھ ہندوستان میں شامل کرے گا، نہ ہوگی تو ایسا کرنے سے انکار کر دیگا۔ ایک سیدھا سا آئینی سوال ہے یہ۔ اس کیلئے بازاروں میں مجمع لگا کر دوائیاں بیچنے والے حکیموں کی طرح تقریریں کرنے کی ضرورت کیا ہے؟ ...

(صفحہ ... سے آگے)

... جب کہ حکم نہیں دے سکتے ...
... وہ چھیننا نہیں چاہتے لیکن شیخ ...
... فرض ہے کہ آزادی کے ساتھ ...
... پر عاید ہوتی ہے۔ انہیں محسوس ...
... کا فیصلہ رنبیر سنگھ پورہ یا جموں ...
... کی تقریروں سے کبھی نہیں ہوگا۔
... غلط طریقہ پر بچارنے سے بھی ...
... خاموش و چار اور سنجیدہ تدبر کی ...
... افسوس ہے کہ شیخ صاحب ...
... اس بات کو بھول گیا۔ انہیں اپنا ...
... دی تو یاد رہی۔ اپنا فرض ادا ...
... لئے میں کہتا ہوں —
... پھر — جس میں لیڈر و اخبار اپنی ...
... جائیں۔ (رنبیر)

Hindustan Times / 30-4-52.

FUTURE STATUS OF KASHMIR

Plea To Support Parishad's Stand

[By Our Staff Correspondent]

Mr N. C. Chatterjee, Vice-President of the Hindu Mahasabha, yesterday asked people to give their whole-hearted support to the Jammu and Kashmir Praja Parishad's stand over the question of the State's accession to India. He was speaking at a reception given to Pandit Prem Nath Dogra, Praja Parishad leader, in Delhi. Among those present were Mr and Mrs Kripalani.

It was an irony of fate, Mr Chatterjee said, that Pandit Dogra and the Parishad should be described in some quarters as hostile to India and friendly to Pakistan though they stood for full and unqualified accession of Jammu and Kashmir to India.

According to Mr Chatterjee, Sheikh Abdullah's utterances showed that the latter regarded India as an alien country even though the State had acceded to India in respect of defence, external affairs and communications. The stand taken by Sheikh Abdullah, he said, was inconsistent and had led to some confusion. Indians were, therefore, entitled to know clearly the constitutional position. He reminded ... Kashmir Premier that the ... u and Kashmir Constituent ...bly had not yet given its verdict on the issue, and it was only ... that the people of the ... ere given a free hand to ... destiny of the State.

...AL BILLS FOR ...IR ASSEMBLY

[... r Correspondent]

... ril 29.—Five official ... introduced in the ... the Kashmir Assembly in Srinagar on ...

... Excise (Amendment) ... to adopt more ... to curb illicit ... econd Bill, the ... (Amendment) ... nclude "air ... ted articles ... one month. ... the Kashmir ... ll seeks to ... nd dispo... d ensure ... ality and ... ustry on ...

... ills one ... co Ex... her re... ing powers ... ities.

(Overlapped clipping fragments: ... the ... amah ... wing ... eds of ... on—18 ... million ... ts and ... ith 11.2 ... ins. No ... ve such ... zing the ... area of ... th Bihar. ... execu... projects, ... ndak pro... their ... ce ... and famine ... easier ... materials ... South to ... ployment to ... derive maxi... the D.V.C., ... ory and other ... bridg... posed ...)

THE SMALL MOUTH

Sir,—"Chhota munh bari baten" (a small mouth but big talks) is a proverb which aptly fits me. While a small man that I am, I venture to say a word about Sheikh Abdullah's recent utterances and the criticism thereof in India. I do so in all humility but with all earnestness.

Charity towards our opponents and detractors often blunts the edge of their opposition. It is all the more necessary for us to practise charity towards those who are our acknowledged friends. Adverse comments, distrust or suspicion, put forward even in all honesty, is likely to alienate friends and so injure the common cause permanently. History abounds in such instances. So, let the patience, restraint and forbearance which the Indian Press has, on the whole, been showing towards Kashmir continue to be shown. Let us leave Sheikh Abdullah alone for the present. He may have his own reasons for his *modus operandi*. We may differ from him on how things may or may not be handled or in what and how a thing may or may not be said. But let us carefully weigh in the balance the psychological effect of our own words on others. Let our Prime Minister tackle the Sheikh in his own way. For sometimes a telescope on the blind eye can work wonders.—Yours, etc.,

SITA RAM.

Former High Commissioner in Pakistan).

...rut

... troops.—P.T.I.

UNION PRESIDENT'S ELECTION

Kashmir's Plans

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, April 29: Seventy-two members of the Kashmir Constituent Assembly and ten members nominated by the President to both the Houses of Parliament are to cast their votes for the Presidential election on May 2.

Three seats are being filled up by by-election presently but until results are gazetted, they are uneligible to vote.

The ballot box, weather conditions permitting, will be flown to Delhi on May 3 under armed escort. The consensus of opinion here indicates that all the 82 votes "en bloc" are ... in favour of Dr. Rajendra Pra...

... Meet

... D BE MOVED

Srinagar.

...om Our Staff Correspondent

SRINAGAR, April 29.

...rst Legislative Assembly elected on the ...lt franchise will hold its session here on ...nstituent Assembly Hall.

The Assembly will sit for almost one month and discuss and vote Budget grants, besides debating a few official and non-official Bills.

It is expected to be addressed by Yuvraj Karan Singh on the opening day. The Yuvraj's Address will outline the future policy of the State Government.

Members, for most of whom it will be the first experience of legislative work, are ignorant of even elementary parliamentary procedure and terms. They are, however, evincing keen interest in the affairs of their constituents and have given notice of over four hundred questions.

OFFICIAL BILLS

Our Jammu correspondent adds: In the forthcoming session of the Kashmir Legislative Assembly, five official Bills will be introduced. These Bills have been published in Government Gazette Extraordinary here.

First of these is the Jammu and Kashmir Excise (Amendment) Bill. Its objects and reasons state: "The incidence of traffic in illicit liquor has increased in recent years due to the presence of displaced population, a section of which, having no legitimate means of subsistence, has resorted to distillation and sale of illicit liquor. The presence of a large ... ther encourages the ... and nefarious activities. Government is alive to the baneful results of the practice on public health and morality and intends to put it down as far as possible by making the excise legislation more effective."

Second is the Jammu and Kash...

(Clipping pasted upside down:)

...nounced on Tuesday a ... quota of 75,000 bales of short staple cotton, in addition to the quotas of 177,000 bales already announced so far this year.

The new quota consists of 50,000 bales of Bengal Deshi, and 25,000 bales of Central India Deshi, C.P.—1 C.P.—11, and Oomra Deshi.

The maximum length of any cotton being exported under the last four categories must be 5/8 inch, ...

"Milap" 1.5.52.

شری چیٹرجی کی طرف سے شیخ عبداللہ اور پرجا پریشد کے تئیں ہند سرکار کی امتیاز سازی پالیسی پر نکتہ چینی

پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ کے اعزاز میں منعقد تقریب میں تقریر۔ ہندوستان آئین کی دفعات متعلقہ سپریم کورٹ اور بنیادی حقوق کو کشمیر پر لاگو کرنے کا مطالبہ

نئی دہلی ۲۹ اپریل۔ جموں و کشمیر پرجا پریشد کے صدر پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ کے سواگت میں منعقدہ تقریب میں تقریر کرتے ہوئے ہندو مہاسبھا کے اپ پردھان شری این۔ سی۔ چیٹرجی نے کہا کہ یہ عجیب بات ہے کہ پرجا پریشد کو کشمیر کی ہند سے غیر مشروط الحاق کی حمایت کے باوجود پاکستان کا دوست اور ہند کا دشمن کہا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں حال ہی میں شیخ عبداللہ نے جن افسوسناک تقریروں کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے اور انہوں نے یہاں تک کہا ہے کہ وہ کشمیر میں ہندوستانی آئین کو نافذ کرنے کی کوئی تحریک برداشت نہیں کریں گے۔ ان کا کوئی نوٹس نہیں لیا جاتا۔ شیخ عبداللہ ایک طرف یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ہند کشمیر کے لئے بالکل پرایا ملک ہے۔ لیکن پر لتے ہیں کہ کشمیر تین بنیادی محکموں کے بارے میں ہند سے ملحق ہے یہ عجیب اور متضاد پوزیشن ہے۔ ہند کے لوگوں نے پارٹی امتیازات سے بالاتر ہو کر پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کا کشمیر کے بارے میں پورا ساتھ دیا۔ ہر قسم کی مالی قربانی اور خون بہانے سے گریز نہ کیا۔ لیکن اب وہ جاننا چاہتے ہیں کہ ہند اور کشمیر کا واضح آئینی تعلق کیا ہے۔ شیخ عبداللہ کو کم از کم اپنی ذمہ داری کا احساس کر کے تقریریں کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے۔ اور یہ دیکھنا چاہیے کہ پاکستان

(باقی صفحہ ۶ پر)

(ملاپ کے نامہ نگار سے)

کشمیر آئین ساز اسمبلی کی ۳ خالی سیٹوں پر بھی نیشنل کانفرنس کا قبضہ متوقع

سرینگر ۲۹ اپریل۔ کشمیر آئین ساز اسمبلی کی تین خالی نشستوں پر بلا مقابلہ نیشنل کانفرنس کے قبضہ ہو جانے کا امکان ہے۔ یہ نشستیں اسمبلی کے تین ممبران کے ہند پارلیمنٹ کے لئے نامزد کئے جانے پر خالی ہوئی تھیں۔ ان تینوں نشستوں کے لئے ضمنی انتخابات کے لئے ۴ امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کروائے ہیں۔ ان حلقوں کے نام ہیں گنگن۔ امیرا کدل اور بڈگام۔ گنگن کے حلقہ سے نیشنل کانفرنس کے دو ورکروں نے کاغذات نامزدگی داخل کروائے ہیں۔ امید ہے کہ ایک امیدوار نام واپس لے لیگا۔

جموں کے انکم ٹیکس پریکٹیشنرز

"ملاپ" کی ایک گذشتہ اشاعت میں جموں کے انکم ٹیکس پریکٹیشنرز کے متعلق کچھ چھپا تھا اس سے غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ جب سے ریاست میں انکم ٹیکس کا محکمہ قائم ہوا ہے یعنی آج سے ۸ سال سے ہم اس وقت کے وزیر مالیات کی اجازت سے بطور انکم ٹیکس پریکٹیشنرز کام کرتے چلے آ رہے ہیں۔ چار پانچ سال کا عرصہ ہوا۔ جبکہ ریاست میں ایک نیا قانون نافذ کیا گیا۔ جس کے مطابق تمام انکم ٹیکس پریکٹیشنرز کے لئے ضروری تھا۔ کہ وہ لاء گریجویٹ ہوں۔ مگر جو شروع سے یہ کام کرتے آ رہے ہیں۔ ان پر اس قسم کا کوئی قانون حاوی نہیں ہوتا تھا۔ مگر اب عوامی راج کے وزیر خزانہ نے یہ حکم جاری کیا۔ کہ تمام انکم ٹیکس پریکٹیشنرز لاء گریجویٹ ہونے چاہئیں۔ اور جو شروع سے کام کرتے چلے آ رہے ہیں ان کا ٹیسٹ ہو گا چنانچہ ٹیسٹ ہوا۔ جس میں نہ تو ہمیں تیاری کے لئے وقت دیا گیا۔ اور پھر پرچہ بھی بہت مشکل تھا۔ اس پرچہ کو حل کرنے کے لئے بھی ہمیں وقت بہت کم دیا گیا۔ ہمارا یقین ہے۔ کہ یہ پرچہ محکمہ انکم ٹیکس کے ملازمین بھی حل نہیں کر سکتے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ محکمہ انکم ٹیکس میں ایسے آفیسر موجود ہیں۔ جو لاء گریجویٹ نہیں۔ ہم نے تو صرف حساب تیار کر کے پیش کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیں تو لاء جاننے کی شاید اتنی ضرورت نہیں ہوتی مگر جنہوں نے فیصلہ کرنا ہوتا ہے وہ بھی لاء نہیں جانتے ہیں۔ اور اس پر انہیں ترقیاں مل رہی ہیں۔ ۱۰ سکھ پیکس ہائی کورٹ میں ابھی تک ایسے وکلاء ہیں۔ جو لاء گریجویٹ نہیں ہیں۔ اگر ان کو ہائیکورٹ میں پیش ہونے کی اجازت ہے۔ تو ہمیں نہ معلوم کیوں بے روزگار کیا جا رہا ہے۔ ان ہائیکورٹ کے وکلاء کا کوئی ٹیسٹ نہیں ہوا۔ اور پھر ہندوستان . . . . کے قانون کے مطابق ہمیں اجازت ہونی چاہیے۔ کہ ہم بطور انکم ٹیکس پریکٹیشنرز کام کر سکیں کیونکہ ہم عرصہ ۸ سال سے یہ کام کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہم نے وزیر خزانہ اور ڈپٹی وزیر خزانہ سے درخواست کی ہوئی ہے۔ دراصل ہمیں تب تک یہ کام کرنے کی اجازت اس لئے نہ دی [illegible] نیشنل کانفرنس کارکنوں کو جو لاء گریجویٹ [illegible]

Hind Smachar Jullundhur.
D/ 1.5.52

کشمیر کے متعلق ہند سرکار کا رویہ بالکل صحیح اور مناسب ہے

ملایا کے نیشنلسٹ لیڈر کی تقریر

پاکستان نے بالکل اُلٹ تصویر پیش کی تھی۔ اب میرے خیالات بدل گئے ہیں

کوالالمپور ۲۹ اپریل۔ ملایا کے نیشنلسٹ لیڈر مسٹر جعفر جو حال ہی میں کشمیر کا دورہ کرنے کے بعد واپس آ گئے ہیں نے یہاں پر ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے متعلق ہند سرکار اور شیخ عبداللہ کا رویہ بالکل صحیح اور مناسب ہے۔ اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے مسٹر جعفر نے کہا کہ پاکستان نے کشمیر کے متعلق بالکل اُلٹ تصویر پیش کی تھی۔ اور کشمیر جانے سے پہلے میرے یہ خیالات تھے۔ شیخ عبداللہ اور کشمیری عوام سے بات چیت کرنے کے بعد ان میں بھاری تبدیلی ہو گئی ہے نیشنلسٹ لیڈر نے مزید کہا کہ کشمیر سرکار نے تھوڑے سے عرصہ میں بہت اہم کام کئے ہیں۔ سب سے اہم دو باتیں ہیں۔ کاشتکاروں کے نام زمین کا منتقل کیا جانا اور قرضدار کاشتکاروں کی قرضہ کی ادائیگی میں امداد دینا۔

آخر میں مسٹر جعفر نے یہ اُمید ظاہر کی کہ کشمیر کے مرحلہ کا پر امن حل تلاش کر لیا جائیگا۔

یکم مئی ۱۹۵۲ء

باغ و بہار

کشمیر کا دھرم ارتھ فنڈ

پیون سانگ سے لیکر لارنس تک تمام سیاحوں اور مورخوں نے ریاست جموں و کشمیر کو مندروں کا ملک اور "دیو بھومی" قرار دیا ہے۔ کشمیر کے مندر پٹھانوں کے عہد حکومت میں ویران ہو گئے تھے لیکن جموں پرانت میں یہ مندر آج بھی موجود ہیں۔ ان میں سے کئی بہت قدیم ہیں۔ اور کچھ مہاراجہ گلاب سنگھ اور ان کے جانشینوں کے تعمیر کئے۔ اور یہ کوشش کی کہ جموں کو شمالی ہندوستان کا کاشی بنا دیا جائے۔


مفید ادارے

ان مندروں کے ساتھ کئی مفید ترین ادارے ملحق ہیں۔ جموں

باغ و بہار ——— بقیہ صفحہ ۳

م ارتھ فنڈ کی وہی حیثیت ہے۔ جو پنجاب میں
د وارہ فنڈ کی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے
دھرم ارتھ کی ایک پائی تک سیاسی اغراض کے
خرچ نہیں ہو سکتی۔ جس طرح کانگریس نے ہندوستان
مذہبی اوقاف میں کوئی مداخلت نہیں کی کشمیر میں
مک استھانوں کے متعلق نیشنل کانفرنس کا رویہ
سے مختلف نہیں ہونا چاہئے۔

Dated 1.5.52



جواہر لال کے ہاتھ کیسے مضبوط ہونگے

اگرچہ میں دل سے یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس نازک گھڑی میں کشمیر کے مسئلے پر بحث کرنا بے سُود ہے مگر شیخ صاحب کو مخلصانہ مشورہ دینا بھی بُرا نہیں اس لئے کہ کشمیر کا مسئلہ ہم نے ہمیشہ اپنی زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھا۔ میں تو یہ سوال پُوچھتا ہوں کہ اگر ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو ہندوستان سے وفادار رہنے پر کوئی اعتراض نہیں تو کشمیر کو اس میں کیا خطرہ نظر آتا ہے؟ ہندوستان سے مشروط الحاق کرنے سے پنڈت جواہر لال اور ان کے سیکولرازم کو کیونکر مضبوطی ملے گی۔ میں نے لالہ پنڈی داس جی کی اپیل "تیج" میں پڑھی تو میرے دل سے "پنڈی داس زندہ باد" کی آواز نکلی۔ ان کا یہ کہنا درست ہے کہ لیڈر ڈرا نہیں کرتے۔ آپ کیوں خائف ہیں کہ اگر نہرو جی کو کچھ ہو گیا تو کشمیر کے مسلمانوں کا کیا بنے گا؟ شیخ صاحب! اللہ خیر کرے گا جس خدا کو آپ نے اس تقریر میں اپنے اور حاضرین کے درمیان ڈالا ہے وہی سب کی حفاظت کرے گا اور کشمیر کے غیر مشروط الحاق سے ہندوستان میں وہ فضا پیدا ہوگی جس کے لئے آپ ہمیشہ خواہشمند رہے ہیں اور کوئی تعجب نہیں کہ اس سے ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات بھی بہتر ہو جائیں۔ اس لئے آؤ اور یک جان دو قالب بن جاؤ تاکہ ہندوستان کا بچہ بچہ پکار اٹھے ؎

من تو شدم تو من شدی۔ من تن شدم تو جاں شدی
تاکس نہ گوید بعد ازیں۔ من دیگرم تو دیگری

ایچ۔ ڈی۔ یٹین بازار ڈیرہ دون

ایک مخلصانہ اپیل

سیاسی لوگ بہت ظالم ہوا کرتے ہیں۔ سیاسی مقاصد کی تکمیل کے لئے نیک انسانوں کو ذلیل کر دیتے ہیں۔ محب الوطنوں کو بدنام کر دیتے ہیں! انسانیت کے خدمت گذاروں پر تہمتیں لگانے سے گریز نہیں کرتے اور سچائی کی منزل کی طرف بڑھنے والوں کا دل توڑ دیتے ہیں۔ مہاتما گاندھی نے دیش کی آزادی کے لئے اپنے جیون کا بلیدان دے دیا جس مہاپُرش کی برسوں کی تپسیا کا نتیجہ یہ ہوا کہ غیر ملکی حکمران ہندوستان کو چھوڑ کر چلا گیا،


سیاسی حریفوں نے اُن کے لئے کیا کچھ الفاظ استعمال نہ کئے۔ باپو زندہ تھے تو ہمیں دہلی کے بڑے بڑے جلسوں میں انہیں ہندوستان کا سب سے بڑا دشمن کہا گیا۔ فرقہ پرستوں کی مجلسوں میں انہیں "غدار" کہا گیا۔ مر جانے کے بعد دشمن کو بھی معاف کر دیا جاتا ہے لیکن راشٹریہ پتا کو شہید ہو جانے کے بعد بھی معاف نہ کیا گیا انتخابات کے دنوں میں آپ کہ کیسے وہ الفاظ استعمال کئے گئے جنہیں سن کر سر ندامت سے جھک جاتے ہیں۔ دیش کے نیتا ایشیا کے رہنما اور دنیا کے سب سے بڑے انسان بھارت کے پردھان منتری جواہر لال نہرو پر اسقدر کیچڑ اچھالا گیا کہ توبہ۔ سیاسی مخالفوں نے سب کچھ کہا۔ یہاں تک کہ "پنڈت نہرو ہندوؤں میں کنس بن کر بیٹھا ہے اور جن سنگھ بھگوان کرشن کا اوتار لے کر ان کے ناس کرنے کے لئے آیا ہے"، غرضیکہ سیاسی لوگ اُس نیتا کا لحاظ کرنے کو بھی تیار نہیں ہوئے جو ہندوستان میں ایک فرشتہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ سیاسی اختلاف کوئی بُری بات نہیں ہوتی۔ لیکن بے جا الفاظ استعمال کرنا سیاسی ہی نہیں بلکہ اخلاقی گناہ ہے اور یہ علت بدقسمتی سے ہمارے دیش کی سیاسی زندگی میں داخل ہو چکی ہے۔

کشمیر کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ نے پچھلے دنوں رنبیر سنگھ پورہ میں ایک تقریر کی اس تقریر سے ملک کے سیاسی حلقوں میں کچھ غلط فہمی پیدا ہو گئی اس کے بعد کشمیر کے نیتا نے لغف درجن کے قریب اور تقریریں کیں اور پوزیشن کو صاف کرنے کی کوشش کی لیکن سیاسی مخالفین نے اس سے خوب فائدہ اٹھایا چاروں طرف سے لیڈروں نے اور خاص کر مخالف اخبار نویسوں اور فرقہ پرست لیڈروں نے شیخ عبداللہ کے خلاف بڑھ چڑھ کر بیان دئیے۔ دہلی کے ایک جلسہ میں جو پرجا پریشد کے لیڈر شری پریم ناتھ ڈوگرہ کی موجودگی میں کہا گیا کہ "شیخ عبداللہ کی زبان سے ظفر اللہ بول رہا تھا"، ایک مقرر نے یہاں تک کہا "کشمیر رشیوں اور منیوں کی دھرتی ہے یہاں پر شیطانوں کو حکومت کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی"

سنجیدہ اخبار نویسوں نے سنجیدگی اور تحمل سے بحث کی لیکن فرقہ پرستوں نے شیخ عبداللہ پر "پاکستانی ایجنٹ" ہونے کا الزام لگایا اور اتنا کچھ کہہ گئے الا کہ شاید ان الفاظ کی تلخی کو مٹتے مٹتے عرصہ لگ جائے گا۔ مجھے شیخ عبداللہ کی صفائی میں کچھ نہیں کہنا۔ مجھے تو شیخ صاحب سے کبھی ملنے کا بھی اتفاق نہیں ہوا۔ میں تو ملک کے ایک اخبار نویس کی حیثیت سے عرض کرنا چاہتا ہوں شیخ عبداللہ کو اتنا کچھ کہنے والے ذرا سوچیں اس تلخ کلامی سے ملک کو فائدہ ہوگا کیا اس سے کشمیر کا مسئلہ جلدی حل ہو سکیگا یا مزید پیچیدہ ہو جائے گا کیا اس سے ملک کے دشمنوں کے ہاتھ مضبوط نہ ہوں گے کیا اس سے ملک کا مقصد مجروح نہ ہوگا؟

شری پریم ناتھ ڈوگرہ کی ذات میں جو لوگ کشمیر کا نیا لیڈر کھڑا کرنا چاہتے ہیں ذرا ٹھنڈے دماغ سے سوچیں کہ کیا کشمیر کی ۸۰ فی صدی مسلمان آبادی شری ڈوگرہ کی رہنمائی میں ہندوستان میں شامل ہونے

Praja Parishad Chief Entertained



The President of the Jammu and Kashmir Praja Parishad, Mr. Prem Nath Dogra (garlanded) photographed with Mrs. Sucheta Kripalani and Hindu Mahasabha Leaders, at a reception in New Delhi on Tuesday.

"Tej" D/1.5.52.

کشمیر کا ہندوستان کے ساتھ مالی الحاق کیا جائے

شیخ عبداللہ کو اپنی پوزیشن واضح کرنی چاہیئے۔ لالہ گردھاری لال آنند کا بیان

جموں (تیج) (نامہ نگار، بذریعہ تار) چیمبر آف کامرس کے پردھان لالہ گردھاری لال آنند نے آج یہاں بتایا کہ اس وقت کشمیری عوام کو جو مشکلات درپیش ہیں۔ ان سب کا واحد علاج ہندوستان کے ساتھ کشمیر کا مالی الحاق ہے۔ یہ خیال کرنا بالکل غلط ہے۔ کہ کشمیر ہندوستان کی امداد کے بغیر ایک دن بھی زندہ رہ سکتا ہے۔ کشمیر ہندوستان پر انحصار رکھتا ہے۔ اس کے اقتصادی ذرائع ایسے نہیں ہیں کہ وہ مستقبل میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکے۔ ہر موسم سرما میں ہزاروں کشمیری اپنی روزی کمانے کیلئے ہندوستان جاتے ہیں۔ کیونکہ ان کیلئے کشمیر میں کوئی کام نہیں ہوتا۔ اگر وہ بیٹر کشمیر میں نہ آئیں اور ریاست کی اقتصادی حالت دگرگوں ہو جائے۔ سٹیٹ نے اپنے اقتصادی ذرائع کی ترقی کے لئے ہندوستان سے دس کروڑ روپیہ قرض لیا ہوا ہے۔ جبکہ اس کا اپنا بجٹ ہمیشہ خسارے کا ہوتا ہے۔ شیخ عبداللہ کا یہ بیان کہ کشمیر تجارت۔ فوج اور مالی لحاظ سے ہندوستان پر انحصار نہیں رکھتا۔ غلط اور حقیقت سے بعید ہے۔ کشمیر کی لکڑی اور لاکھوں روپیہ کا سامان ہندوستانی مارکیٹوں میں بک رہا ہے [illegible] کو پچھلے چار سال میں جو آمدنی ہوئی ہے۔ ہندوستان کی امداد سے ہوئی ہے۔ شیخ [illegible] بیانوں سے بیوپاریوں کو بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ اور اگر انہوں نے اپنی [illegible] تو حالات اور بھی بگڑ جائیں گے۔ کیونکہ ہندوستانی بیوپاری کشمیر کو [illegible]

[illegible] ہندوؤں کو ہٹنے کیلئے مجبور [illegible]

KASHMIR

According to a P. T. I. report published in "The Tribune" issue of April 22, Mr. P. Kodanda Rao opined in course of a speech at Ambala that there was much to be said in support of a territorial exchange whereby East Bengal comes to India and Kashmir goes to Pakistan.

Whatever one may say about the academic value of the suggestion,

28,000 ft. the individual bore at one place varying from 300 to 500 feet. Latest rotary boring machine imported from U.S.A. was employed. Thick and continuous belts of coarse sand and gravel were met at very many places, indicating good water-bearing stratum, which was fully borne out by the discharge from tube-wells.

Tube-wells had been constructed with different types of strainers; only recently a new type of strainer was imported from Germany. Most of the tube-wells needed digging up to a depth of 250 feet only. There are areas where shallow tube-wells or percolation wells could be set up for providing water for irrigation purposes. Spring levels had been determined all over the site. In certain places water was found flowing at the ground level and the spring level increased as one travelled to the north towards the hills.

Out of the total of 80 tube-wells required for the scheme, 15 had already been constructed and the aggregate discharge of these wells was 1,75,000 gallons per hour. This out-turn was enough [illegible]

"Delhi Express" 8/4.5.52

Hindustan Times

Repercussions Of Sheikh Abdullah's Speeches

ACCESSION PROBLEM APPEARS IN NEW LIGHT

SRINAGAR.

THE repercussions of Sheikh Abdullah's speeches, which are pregnant with dangerous possibilities, will be felt in India and Pakistan and the rest of the world. These may have a vital bearing on the ultimate solution of the Kashmir problem.

As was expected, Pakistan and its friends are exploiting the unfortunately worded utterances of the Kashmir Premier. Whatever one may say about his speeches, one has got to admit that these have disturbed the complacency of the people concerned by focussing attention on the implementation of the State's accession to the Indian Union.

The question which is on everyone's lips here and which may never be satisfactorily and completely answered is: what was the provocation for the outspoken speeches which are replete with accusations, doubts and misgivings?

To arrest the deterioration in the relations between Delhi and Srinagar, Sheikh Abdullah, I understand on good authority, was called to Delhi for talks last week. He is reported to have put forth some excuse which, in political circles, is being interpreted as a polite refusal.

HAZRATBAL SPEECH

The political importance of Sheikh Abdullah's speech at Hazratbal, delivered on Friday, following Miraj-i-Alam (the anniversary of the Enlightenment of the Prophet) eclipsed its human and religious significance. The meeting was a huge affair. Nearly two lakhs of people from Srinagar and other parts of the Valley had gathered at Hazratbal, on the picturesque banks of Dal Lake, five miles from Srinagar. The mosque in Hazratbal enshrines a hair of the Prophet.

A large number of people had come from Anantnag, which is next to Srinagar only in population. When they got back home, they found that a fire had engulfed over three hundred and fifty houses in the town.

Anantnag, a fair-sized town, has just one small pump which, I am told, is generally out of order. The town should be equipped with an efficient fire-fighting service. This is one of the duties Government owes to people living in wooden hovels and shacks. Four fire-engines, rushed from Srinagar, controlled the fire. The Prime Minister, and the Deputy Prime Minister, accompanied by a senior Government official, visited the scene of the tragedy.

GRAHAM REPORT

Since the United Nations Representative for Kashmir, Dr. Graham, in his third report, has not put forth any new proposal except that he wants the Plebiscite Administrator to be associated with him in the last stages of demilitarisation, the attitude of Government here will not change.

Bureau in New Delhi on Wednesday issued the following press note:

"It has been brought to the notice of the Jammu and Kashmir Government that a statement attributed to Sheikh Abdullah, Prime Minister of Jammu and Kashmir, is alleged to have been circulated to Indian newspapers on April 28 by R. C. Raina [illegible] to the Minist[illegible] and [illegible] Secretary [illegible] Prime [illegible]ter of Jammu Kashmir.

"The statement and the endorsement are complete fabrications issued with malicious intent by persons who obviously do not have the interest of India and Kashmir at heart."—P.T.I.

SHORT-TERM PLAN FOR KASHMIR

Early Implementation

Mr. Ahsanullah, Kashmir Trade Commissioner in Delhi, said in a broadcast from All India Radio on Tuesday that as a result of the Kashmir Government's measures the economic position of the State had improved considerably and was continuing to improve.

He said a short-term plan for th economic development of the the economic development of the would be implemented by the people of the State, assisted by the people and the Government of India.—P.T.I.

"Ajit" D/ 3.5.52

کشمیر ہمیشہ ہند میں شامل رہیگا۔ بخشی غلام محمد کا اعلان

اکیلا کشمیر پاکستان کے جارحانہ ارادوں سے محفوظ نہیں رہ سکتا

سرینگر ۲ مئی: جموں و کشمیر کے اب پردھان منتری بخشی غلام محمد نے اگلے روز سرینگر میں بیان کیا کہ کشمیر نے ... طاقت ہند اور کشمیر کو ایک دوسرے ... کے پورے موافق تھا ... ہیں کشمیر کے ... اس سے متعلق ایک سوال کا جواب ... بخشی غلام محمد نے کہا کہ ایک چھوٹا سا ملک جس ... طاقت نہیں ہے۔ اپنے آپکو محفوظ نہیں ... خاص کر اس حالت میں جبکہ ایک پڑوسی ملک ... معاندانہ رہا ہے۔ بخشی غلام محمد نے بیان ... ہندوستانی عوام کی ہمدردی دوستی اور امداد ہمیشہ ... ہے۔ اگر کشمیری عوام پاکستان کے ساتھ شامل ہوتے ... امداد بھی دیکھتے ہوتے۔ (باقی پیشت پر)

کشمیر کی آئینی

معاصر ریاست کے ایڈیٹر صاحب آج کل لوگوں کو کشمیر کی آئینی پوزیشن سمجھا رہے ہیں اور انہوں نے گذشتہ دو سالوں کے دوران میں آئینی واقفیت کا جو ذخیرہ اپنے ذہن میں اکٹھا کیا ہے۔ اُسے بڑی تیزی کے ساتھ اُگل رہے ہیں آج کے پرچہ میں انہوں نے پھر نکتہ آرائی کی ہے اور "اجیت" کا ایک اقتباس غلط نقل کر کے اس پر ایک فرضی بحث شروع کی ہے۔ اور ہمیں کم عقل اور کم علم بتایا ہے۔ ہم نہیں کہنا چاہتے کہ ہمدرد صاحب کو اردو بھی ٹھیک طرح پڑھنی نہیں آتی۔ ہم نے "اجیت" میں حسب ذیل سطور لکھی تھیں "لہذا ہمیں کشمیر کے مسئلہ پر بحث کرتے وقت دفعہ ۳۷۰ یا Instrument of accession کو پیش نظر نہیں رکھنا چاہیئے۔ بلکہ آئین ساز اسمبلی کے اختیارات کو مدِ نظر رکھنا چاہیئے۔ جو کُلی طور پر خود مختار رہا کی ہے۔ اور جس کے فیصلے آخری فیصلے ہوں گے"۔ پتہ نہیں ہمدرد صاحب نے ان الفاظ سے یہ کس طرح سمجھ لیا۔ کہ ہم دفعہ ۳۷۰ اور Instrument of accession کو ایک ہی چیز سمجھتے ہیں۔ انہوں نے غالباً اس جگہ لفظ یا کے معنی یعنی کے نکالے ہیں۔ حالانکہ اس جگہ یا کے معنی اور کے ہیں۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ ہمدرد صاحب اُردو پڑھنے میں آئندہ احتیاط سے کام لیں گے۔ انہوں نے نہ صرف اسے غلط سمجھا ہی ہے بلکہ اپنے اخبار میں اقتباس درج کرتے وقت وہ یا کا لفظ ہی حذف کر گئے ہیں تاکہ ناظرین کو گمراہ کر کے ہماری کم فہمی کا ثبوت دیا جا سکے۔ ہاں تو مطلب یہ کہ ہم دفعہ ۳۷۰ اور Instrument of accession کا فرق ہمدرد صاحب کی نسبت بہتر سمجھتے ہیں مثال کے طور پر ہمدرد صاحب اپنے اخبار میں لکھتے ہیں کہ "جب حکمران اپنی ریاستوں کو پاکستان یا ہندوستان میں شامل کرتے تھے تو کچھ محکمے وہ مرکز کو دے دیتے تھے۔ جس دستاویز کے ذریعے یہ محکمے مرکز کو دیئے جاتے تھے۔ اس دستاویز کا نام Instrument of accession ہے" ہمدرد صاحب کی مذکورہ بالا وضاحت بالکل غلط ہے Instrument of accession اس دستاویز کا نام ہے۔ جس کے ذریعہ کوئی ریاست ہندیا پاکستان میں شامل ہوتی تھی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ اس دستاویز میں یہ ذکر بھی ہوتا تھا۔ کہ فلاں

فلاں محکمے مرکز کو دیئے جاتے ہیں۔ لیکن یہ ایک ثانوی بات تھی۔ دستاویز کا اصلی مقصد ریاست کو ہندیا پاکستان میں شامل کرنے کا معاہدہ کرنا ہے۔ اس جگہ لفظ accession کے معنی ہی شمولیت اور Instrument of accession وہ دستاویز جس کے ذریعے کہ ریاست کس ملک میں شامل ہوگی۔ یہ بحث ذرا غیر ضروری ہے۔ لیکن ہمدرد صاحب کو سمجھانے کے لئے ضروری ہو گئی ہے۔ آگے چل کر ہمدرد صاحب لکھتے ہیں کہ "جو محکمے اس دستاویز کے ذریعہ مرکز کو دیئے جاتے ہیں۔ ان پر تو مرکز کا کنٹرول ہو جاتا ہے اور باقی محکموں کے متعلق پوزیشن یہ ہوتی ہے۔ کہ جو سٹیٹ گورنمنٹ محکمہ دینا چاہے دے دیتی ہے مذکورہ بالا پوزیشن بالکل غلط ہے۔ اصل پوزیشن یوں ہے۔ کہ اس دستاویز کے ذریعہ جو محکمے ریاستوں نے مرکز کو دے دیئے۔ ان پر مرکز کا کنٹرول ہو گیا۔ لیکن باقی محکموں کے متعلق آئین کی دفعہ ۲۳۸ اور ۲۶۹ اور دیگر متعلقہ دفعات کے ماتحت مرکز کو یہ فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ کہ کون کون سے محکمے ریاستوں کے پاس رہیں۔ اور کون سے مرکز کے پاس یہ کسی ریاست کی مرضی پر نہیں چھوڑا گیا۔ کہ وہ کون سا محکمہ مرکز کو دے یا نہ دے۔ خیر یہ تو غیر ضروری بحث تھی۔ اب ذرا اصل موضوع کی طرف بھی آیئے۔ ہمدرد صاحب لکھتے ہیں "یہ اسمبلی اس لئے بنائی گئی تھی۔ کہ تین محکمے جو ہندوستان کو دیئے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ باقی سارے معاملات ایسے ہیں۔ جن کے متعلق ریاست والوں نے اپنا آئین بنانا ہے" یہ ٹھیک ہے کہ ریاست والوں نے باقی معاملات کے متعلق اپنا آئین بنانا ہے۔ اور آئین ساز اسمبلی آئین بنائے گی۔ لیکن آئین ساز اسمبلی کا سب سے بڑا مقصد ریاست کے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے۔ اسمبلی صرف کشمیر کے اندرونی معاملات کے متعلق آئین بنانے کے لئے قائم نہیں کی گئی۔ بلکہ ریاست کے الحاق کا فیصلہ کرنے کے لئے بھی قائم کی گئی ہے جہاں تک تین محکموں کا تعلق ہے وہ آئین ساز

اسمبلی نے مرکز کو ... کشمیر کی گورنمنٹ نے ... کو ابھی اس کے متعلق ... فیصلہ کا تعلق سا ... وہ اسمبلی کا آزاد ... ہیں۔ کہ ایک د ... شامل ہو گئی اسے ... accession ... ریاست کشمیر ... ہندوستان میں ایک ... اب اسے کوئی حق ... ہونے کا فیصلہ کر ... نہیں معلوم کہ جب ... یا معاہدے کا ... کشمیر سرکار کی ...

"Veer Bharat" Amritsar Delhi D/3.5.1952

کشمیر کے بٹوارے کا چرچا

شیخ عبداللہ کے من میں کیا ہے۔ یہ وہی جانتے ہیں۔ لیکن جو کچھ وہ کہتے ہیں۔ اس سے جنتا یہی سمجھتی ہے کہ شیخ صاحب کے سوچنے کا ڈھنگ بدل گیا ہے۔ بھارت سرکار نے ان سے تمام معاملات میں بھارت سے الحاق کرنے کا مطالبہ نہیں کیا۔ اس کے باوجود انہیں یہ اعلان کرنے کی ضرورت آ پڑی ہے کہ کشمیر آزاد رہے گا۔ جہاں تک مالی معاملات سے بھارت کے ساتھ ملحق ہونے کا تعلق ہے۔ شیخ صاحب کو شاید یہ بھی پسند نہیں کیونکہ اس صورت میں ان سے کسٹم وغیرہ کی آمدنی چھن جائے گی۔ جو غریب جنتا کی جیب سے حاصل کی جاتی ہے۔ شیخ عبداللہ پاکستان میں شامل ہونے کے خواہشمند ہیں۔ یہ ہم نہیں کہتے۔ لیکن آج وہ کم از کم اس پہلی سی محبت کا اظہار نہیں کرتے۔ جس کا ڈھنڈورہ ان کی ہر تقریر میں ہوتا تھا۔ اب انہوں نے اخبارات کی نکتہ چینی کا بہانہ کر کے بالکل الٹے جذبات کا اظہار شروع کر دیا ہے۔ آخر ان کے طرز عمل میں اس تبدیلی کا کوئی سبب بھی تو ہونا چاہیے۔

ایک سبب یہ ہو سکتا ہے کہ بھارت کا ودھان منظور کرنے سے انہیں بلا معاوضہ زمینیں ضبط کرنے کا حکم واپس لینا پڑے گا۔ اور اسے وہ اپنی خودکشی سمجھتے ہیں۔ یہ بات سمجھ میں آ سکتی ہے۔ لیکن کیا وہ بھارت سے صاف نہ کہہ سکتے تھے۔ کہ زمینوں کو نیشنلائز کرنے کے معاملہ میں تم ہم سے بہت پیچھے ہو۔ اس لئے کشمیر کے اقتصادی انقلاب کی موٹر کار کو ہم دھیمی رفتار سے چلنے والے بھارتی چھکڑے کے ساتھ نہیں باندھ سکتے۔ اس کے برعکس وہ دوسری ہی باتیں کہہ رہے ہیں۔ وہ لداخ اور جموں دونوں کو چھوڑ جانے کے لئے تیار ہیں۔ بشرطیکہ کشمیر کو تنہا اور آزاد چھوڑ دیا جائے۔ دوسری طرف مانچسٹر گارڈین یہ کہہ رہا ہے کہ ڈاکٹر گراہم کو ناکامی ہوئی ہے۔ اگر وہ اسے کامیابی میں نہ بدل سکے۔ تو تقسیم کے سوا کوئی دوسرا راستہ باقی نہ رہ جائے گا۔

تقسیم کا چرچا آج شروع نہیں ہوا۔ بلکہ اس کی گونج پہلے سے فضا میں موجود ہے۔ صحیح یا غلط طور پر بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اب شیخ عبداللہ نے بھارت کی بجائے اپنی امداد کے لئے برطانیہ اور امریکہ کی طرف دیکھنا شروع کر دیا ہے۔ لیکن تقسیم کی پرانی تجویز کیا تھی؟ یہ کہ وادی کشمیر۔ جموں صوبہ کا ایک بڑا حصہ اور لداخ بھارت کے ساتھ رہیں۔ اور مظفر آباد۔ میرپور کے ضلع اور شہر کو چھوڑ کر پونچھ کی جاگیر اور گلگت پاکستان کو دے دیا جائے۔ اگر شیخ عبداللہ اینگلو امریکن بلاک کی بات مان لیں تو تقسیم کی نئی صورت یہ ہوگی۔ کہ پاکستان کے پاس پاکستانی علاقہ رہے گا یعنی گلگت میرپور اور مظفر آباد کے ضلعے پاکستان میں ہوں گے۔ لداخ تبت یا بھارت سے رشتہ جوڑے گا۔ اور جموں کانگڑہ کا سب ڈویژن یا ہماچل پردیش کا حصہ بن کر رہے گا۔ رہی کشمیر کی وادی۔ بعض علیحدگی پسندوں کو خوش کرنے کے لئے یہ کہہ دیا جائے گا۔ کہ وادی کشمیر ایک آزاد ریاست بن کر رہے گی۔ اور شیخ عبداللہ وہاں سیاہ و سفید کے مالک ہوں گے۔ علاوہ ازیں ایک بفر سٹیٹ کے طور پر کشمیر کی یہ چھوٹی سی آزاد ریاست بھارت۔ پاکستان۔ چین اور اینگلو امریکن بلاک چاروں سے فائدہ اٹھائے گی۔ لیکن اس چھوٹی سی ریاست کے لئے ایک بڑی دقت یہ ہے کہ وہ آزادانہ طور پر اپنے ڈیفنس کے قابل نہیں ہو سکتی۔ البتہ کسی وقت مختلف قوموں کی رقابتوں کے نتیجہ کے طور پر تیسری بڑی جنگ کا میدان بن سکتی ہے۔ جن لوگوں کو ایران کا حشر معلوم ہے ... حصے سے کشمیر کے آزاد کئے جانے کی تجویز پر خوش نہیں ہو سکتے۔ اس صورت میں

وہ بہرحال ایک یا دوسرے بلاک کے ساتھ رہے گا۔ اور جس بلاک کا ساتھ دینے سے وہ انکار کرے گا۔ اسی کی آنکھ کا کانٹا بن جائے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ شیخ صاحب ٹھنڈے دل سے صورت حالات پر غور کریں۔ اور کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالیں جو نہ صرف بھارت اور کشمیر کے درمیان بلکہ سارے ایشیا میں تلخیاں پیدا کرنے کا باعث بن جائے۔ (دیر تیج ملتانی)

"Hindustan Times" D/3-5-52

KASHMIR'S TIES WITH INDIA

Controversy Regretted

SRINAGAR, May 2.—Addressing a May Day meeting in Srinagar last night, the Deputy Prime Minister of Kashmir, Bakshi Ghulam Mohamed, said the people of the State could never be separated from the rest of India. He said there was no greater friend of India than Sheikh Abdullah.

Communalists and saboteurs, Bakshi Ghulam Mohamed said, were trying to sow seeds of dissension, but this should never be countenanced. He said certain elements in India were doing a disservice to India and Kashmir by imputing statements and views to Sheikh Abdullah that were not his. In doing so, Bakshi Ghulam Mohamed said, they were not only hurting the sentiments of millions of Indians, but also the sentiments of Sheikh Abdullah's followers in Jammu and Kashmir.

Kashmir's special position, he said, had been conceded not only in the Instrument of Accession, but also in India's Constitution. There was no room for confusion or controversy about this.

U.N. MEDIATION

Referring to the U.N. mediation efforts in Kashmir, Bakshi Ghulam Mohamed said Kashmiris were not in the least perturbed over how interested world Powers proposed to tackle the Kashmir problem. They knew their destiny was in their own hands. As far as Dr Graham was concerned, Kashmiris did not mind his visiting this country once again, if he chose to. But he made it clear their fundamentals stand on the question of accession would remain unaltered.

Bakshi Ghulam Mohammed dwelt at length on Indo-Kashmir relationship and said: "I wish to make it clear that dream of those communal elements who demand the application of the entire Indian Constitution to Kashmir will never materialize. Kashmir has acceded to India only in respect of three subjects, namely, Defence, Communications and Foreign Affairs. We are free to shape our destiny, so far as the other [illegible] are concerned."

[illegible] has known [illegible] more than [illegible] and sincere [illegible] people. Why [illegible] round suddenly [illegible] to him, [illegible]

[illegible] make it [illegible] break the [illegible] between Kashmir and India.

He also [illegible] the land reforms [illegible] and said Kashmir [illegible] given a lead to [illegible] respect. "What [illegible] today other [illegible] tomorrow."

[illegible] Mohammed appealed to the Indian Press and leaders to respect the sentiments of Sheikh Abdullah and write and speak about Kashmir after due deliberation and in the best interest of India and Kashmir."—U.P.I.

"Tribune" D/3-5-52

Accession To India Irrevocable, Says B. Ghulam Mohd.

(From Our Own Correspondent)

SRINAGAR, May 2. — Bakshi Ghulam Mohammed, Kashmir's Deputy Premier, said here last night that nothing could separate Kashmir from India. Addressing a May Day rally, he said: "If the present unfortunate controversy over Kashmir's position had done anything it has only brought us closer to India than ever before. All interested attempts to draw Sheikh Abdullah away from India, the land of Gandhiji and Pandit Nehru are bound to fail. There is no greater friend of the Indian people than Sheikh Abdullah."

He went on to say: "Kashmir has acceded to India only in defence, foreign affairs and communications, and so far as the rest of subjects are concerned, it is free to decide her destiny in whatever way she pleases. No one can doubt or question Kashmir's freedom to decide her internal affairs. Some interested elements in India and Jammu are wrong if they think that they can force Kashmir to accede to India in subjects other than the three subjects in which she has already acceded. Kashmir's special position has been clearly laid down in the Instrument of Accession. There is no reason why some quarters should raise a controversy at this stage."

He asserted it was wrong on the part of anybody to think that they "can bring down Sheikh Abdullah. We will never permit our leader to be brought down. We will always stand by him."

He said that Kashmir had transferred land to tillers without paying any compensation to landlords and claimed that land would be transferred to tillers all over India and "Kashmir lead would be followed."

U.P.I. adds: Referring to U. N. mediation efforts he said Kashmiris were not perturbed over how interested world powers tackled the Kashmir problem. They knew their destiny was in their own hands. Kashmiris, he said did not mind if Dr. Graham visited the State again, but he should know that fundamental stand on the question of accession would remain unalter-

"Milap" D/3.5.52

شرارت سے بچو

۳۰ اپریل کے روز دہلی کے اخباروں کے دفتروں میں ایک دلچسپ کھیل ہوا تقریباً سبھی دفتروں میں شیخ عبداللہ کا ایک بیان پہونچا جو شروع سے آخر تک پاکستان کی حمایت میں تھا۔ اور جس میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تھی کہ کشمیر کا مستقبل پاکستان کے ساتھ ہے۔ ہندوستان کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ یہ بیان مبینہ طور پر شیخ صاحب کے پرائیویٹ سیکرٹری کی طرف سے بھیجا گیا تھا اور اس پر ہدایت تھی کہ اسے فوراً چھاپا جائے۔ کچھ اخباروں کے ایڈیٹروں نے اس بیان کو پڑھا تو ان کے دل میں شبہ ہوا کہ اتنا ضروری بیان اور اسے کسی نیوز ایجنسی نے کیوں نہیں بھیجا؟ کشمیر سرکار کے انفارمیشن بیورو نے کیوں ارسال نہیں کیا؟ شیخ صاحب کے پرائیویٹ سیکرٹری نے پہلے کبھی کوئی بیان نہیں بھیجا۔ اس بار ہی انہیں ایسا کرنے کی ضرورت کیوں پڑی؟ شک کے پیدا ہوتے ہی کچھ ایڈیٹروں نے بھارت و کشمیر کے انفارمیشن آفیسروں سے پوچھا۔ انفارمیشن آفیسروں نے سرینگر سے پتہ لیا۔ شیخ صاحب سے بھی دریافت کیا تو پتہ لگا کہ نہ تو شیخ صاحب نے کوئی بیان دیا ہے نہ ان کے سیکرٹری نے کوئی بیان بغرض اشاعت کسی اخبار کو بھیجا ہے۔ ابھی یہ اطلاع انہوں نے دہلی کے ایڈیٹروں کو دی اور یہ بیان چھپتے چھپتے رہ گیا۔ دہلی کے علاوہ اور کسی جگہ کے اخباروں کو بھی یہ بیان بھیجا گیا یا نہیں۔ اس کی ابھی کوئی اطلاع نہیں ملی۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ کسی آدمی یا گروہ نے منظم طریقہ پر یہ سازش کی۔ اور یہ سازش اگر سپھل ہو جاتی تو بھارت و کشمیر دونو جگہ ہیجان پیدا ہو جاتا۔ شرارت کرنے والے کون ہیں یہ ہم کہہ نہیں سکتا۔ خود دہلی میں ایک ایسا گروہ ہے۔ جو کھلم کھلا پاکستان کے حق میں پروپیگنڈا کرتا ہے اور جس کے خلاف بھارت سرکار نے آج تک کوئی ایکشن لینا مناسب نہیں سمجھا۔ پرجا پریشد کے ان لیڈروں کو تو ہمارے رہنما فرقہ پرست کہہ کر کوس سکتے ہیں جو بر ملا ہندوستان سے کشمیر کے مکمل الحاق کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ان کے خلاف کشمیر سرکار کا قانون بھی حرکت میں آسکتا ہے۔ فوج اور پولیس بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ جیلوں کے دروازے بھی کھل سکتے ہیں۔ اور یہ کہہ کر کھل سکتے ہیں کہ ان لوگوں کی سرگرمیوں سے پاکستان کو فائدہ پہونچتا ہے لیکن جو لوگ کھلم کھلا پاکستان کے حق میں پروپیگنڈا کرتے ہیں ان کے خلاف کبھی کوئی قدم اٹھانے کی نہ بھارت سرکار نے کبھی ضرورت سمجھی ہے نہ کشمیر سرکار نے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ شرارت اسی گروہ نے یا اس کے کسی آدمی نے کی ہو لیکن شرارت کرنے والا چاہے کوئی بھی ہو اسے اگر یہ شرارت کرنے کی جرأت ہوئی تو اس لئے کہ پچھلے کئی دنوں سے ایک طرف شیخ عبداللہ نے اور دوسری طرف کچھ ہندوستانی اخباروں نے کشمیر کے متعلق قطعاً غلط اور غیر دانشمندانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے۔ ہمارے کچھ اخبار اس بات کو بھول گئے ہیں کہ کشمیر ہندوستان کے لئے زندگی اور موت کا سوال ہے۔ ہمارا قومی وقار اس کے ساتھ وابستہ ہے۔ ایک حد تک ہمارے ملک کا امن اور چین بھی وابستہ ہے وہ بھول گئے ہیں کہ کشمیر کے معاملہ میں ہمیں کافی متانت سنجیدگی اور تدبر سے کام لینا ہے۔ اس کے متعلق کوئی بھی ایسی بات نہیں کرنی ہے جس سے یہ مسئلہ زیادہ پیچیدہ ہو۔ انہوں نے فراموش کر دیا ہے کہ آزاد دیش کے اخباروں پر ایک بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انہیں اخبار بیچنے اور سنسنی پیدا کرنے کے سوائے اور باتوں کے متعلق بھی سوچنا ہوتا ہے۔ انہیں کی طرح شیخ صاحب بھی اس بات کو بھول گئے ہیں کہ آئینی پیچیدگیاں جذباتی تقریروں سے حل نہیں ہوتیں۔ جب بھر وہ پبلک سپیکر رہے اب بھی اسی طرح باتیں کر رہے ہیں اور اس بات کو فراموش کر بیٹھے ہیں کہ حکمران اور وزیر اعظم کی کوئی ذمہ داری بھی ہوتی ہے۔ جسے زیادہ سنجیدگی زیادہ متانت اور زیادہ تدبر سے کام لینا ہوتا ہے۔ اس کے ہر لفظ کی قیمت ہوتی ہے وقعت ہوتی ہے۔ ان کے اس بات کو بھول جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج کچھ لوگوں کو جرأت ہوئی کہ وہ ان کا نام لے کر سازش کر سکیں ... اخباروں کو دھوکہ دینے کی کوشش کر سکیں

(...سے آگے)

...کو سمجھ نہ سکیں۔ اور درست ساتھ
...سمجھنا ہوگا کہ ہم خود ہی اپنے مارگ
...ہے ہیں۔ **زنبیر**


...تی۔ جموں و کشمیر سرکار نے نظم و نسق کے
...لئے کیبل سے یکم اپریل سے جو آسامیاں
...ہیں۔ ان کے متعلق اب پتہ چلا ہے کہ
...منسٹریٹو افسروں کی آسامیاں ختم کر
...تمام کام ڈپٹی کمشنر ہی کیا کریں گے۔
...دفتروں کے تحصیلداروں کی آسامیاں
...یا (نامہ نگار)

6/5/52 The Sun[day]

"ABDULLAH OPPOSED TO DOMINATION BY INDIA"

"Times" Advises Pakistan To Be Patient

LONDON, May 1.—Today's "London Times" said that the latest report to the Security Council by Dr. Graham, United Nations mediator in Kashmir, showed that the political atmos-



The Hindustan Standard
D/ 4-5-52

Kashmir Assembly To Meet On May 5

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, MAY 3.—The Kashmir Constituent Assembly will meet here on May 5 as the State's first wholly elected Legislature, it is learnt. The session will continue up to June 3 according to present indications and there will be twenty working days.

On the opening day Yuvaraj Karan Singh will address the House and on the following day his address will be discussed and a resolution of thanks will be moved on it. The budget for the next financial year will be presented by the Finance Minister on May 7 and the Finance Bill will also be introduced.

From May 8 to May 11 non-official resolutions will be moved.

There will be general discussion on the Budget on May 12 and from May 19 discussions on various grants will begin.

The National Conference has maintained its strength of 75 members in the Assembly as all the three seats fallen vacant due to election of three members to the Indian Parliament, have gone to the Conference as candidates.

BETTER CHANCES OF ACCORD ON KASHMIR

Times Advice To U.N. Council

LONDON, MAY 2.—The "London Times" yesterday said the latest report to the Security Council by Dr. Graham, showed that the political atmosphere was apparently becoming less unfavourable to a compromise.

"Outside Kashmir, tension between India and Pakistan has relaxed; with the withdrawal of units to peace-time stations, the risk of an outbreak of hostilities has been lessened".

One thing the Security Council must avoid is another full-dress debate now on Kashmir, the paper said.

"Such a discussion will tempt India and Pakistan to endanger the slowly improving situation by raising all the old charges and counter-charges.

"Pakistan may press for formal consideration of this latest report because she has now accepted all the 12 points in Dr. Graham's programme of demilitarisation and regards this as a suitable opportunity to accuse India of deliberate procrastination and to call for the imposition of sanctions.

"Yet, if Pakistan is not to lose the considerable amount of sympathy which she has won for her view of the Kashmir dispute, she would be well-advised to be patient.

"Since the cease-fire agreement of 1949, both sides have made substantial reductions of the forces then in Kashmir territory, but they are still far apart in their views on the size of forces which each should keep there.

NEW FACTOR

"The new factor, however, is the evidence that the Kashmiris, increasingly impatient at the way in which [illegible] has been bandied abo[illegible] theo[illegible]

The Hindu

THE HINDUSTAN TIMES

KASHMIR FACED WITH DANGERS

Sheikh Abdullah's Warning

SRINAGAR, May 3.—Sheikh Abdullah declared yesterday Kashmiris would never renounce "those principles by which they have stood in the past."

Addressing a large gathering at Hazratbal, the Kashmir Premier warned the people to guard against the machinations of communal elements within and outside Kashmir, "who are trying to spread confusion and inflame communal passion."

"The goal of the National Conference," he added, "has been to achieve complete freedom for 40 lakh Kashmiris, irrespective of caste or creed and to preserve their honour and dignity. There are Muslim and Hindu communalists who do not like Hindus and Muslims working hand in hand and are, therefore, trying their best to sow the seed of disruption in our ranks." He added: "I am sure Kashmiris will defeat communalists' purpose,"

Sheikh Abdullah expressed gratification that the Indian Press and leaders had "realized" that his stand was correct. "If my Ranbirsinghpura speech had been referred to me before its publication for ascertaining its accuracy, an unhappy situation in Indo-Kashmir relationship would have been averted."

He added: "Kashmir is faced with many dangers and I hope the people outside will realize the difficult situation in which I am working."

Concluding, Sheikh Abdullah exhorted Kashmiris not to do anything "which would create difficulties for me" and said "follow one leader, one organization, and one programme, and your efforts will be crowned with success."

Sheikh Abdullah referred to the "forged document" pertaining to a statement issued by him and bearing the forged signature of his private secretary which was circulated to newspapers in Delhi on Thursday last.

He said: "This so-called statement was such as would have created widespread confusion and estrangement in Indo-Kashmir relations. The fact that such an attempt was made shows there are elements at work who can go to any extent to achieve their nefarious purpose."

Sheikh Abdullah thanked those newspapermen and newspapers who had taken care to check up the authenticity of the statement "thus enabling us to kill this mischief."—U.P.I.

WATE[illegible]

JAMMU[illegible] Jammu ar[illegible] shortage. [illegible] city's wa[illegible] Many peo[illegible] water sel[illegible] their rate[illegible]

"Milap" D/4-5-52

شیخ عبداللہ کا فرضی بیان چھپوانے کی سازش میں کوئی ڈپلومیٹک چال ہے

ہند سرکار نے اس واقعہ کی مکمل تحقیقات کرنے کی ہدایات جاری کر دیں

نئی دہلی ۲۰ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ۲۸ اپریل کو شیخ عبداللہ کے پرائیویٹ سیکرٹری شری [illegible] کے جعلی دستخطوں سے دہلی کے سرکردہ اخبارات کو وزیر اعظم جموں و کشمیر کا جو نام نہاد بیان بھیجا گیا تھا۔ اس میں کوئی ڈپلومیٹک ہاتھ کام کر رہا ہے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ ہند سرکار نے پولیس کے محکمہ انٹیلیجنس کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس واقعہ کی پوری چھان بین کریں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس فرضی بیان پر شیخ عبداللہ کے پرائیویٹ سیکرٹری کے دستخط اور روانگی نمبر وغیرہ سب کچھ بڑے اچھے طریقے سے درج تھا۔ اس بیان میں کچھ اس قسم کی غیر ذمہ دار باتیں تھیں جنہیں دیکھنے کے بعد اخبارات کو یہ شک پیدا ہو گیا کہ شیخ عبداللہ جیسے ذمہ دار آدمی اس قسم کی غیر ذمہ دارانہ باتیں نہیں کر سکتا۔ اخبارات نے اس کے متعلق کشمیر انفارمیشن بیورو سے پوچھا اور انفارمیشن بیورو نے سرینگر فون کیا جہاں [illegible]

درست راستے پر

کشمیر کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ نے پچھلے دنوں جو تقریریں کیں ان کے متعلق ہندوستان کے کچھ مسلم اخبارات نے شروع شروع میں بالکل غلط رویہ اختیار کیا۔ انہوں نے سمجھا کہ شیخ صاحب کی آڑ لے کر وہ اپنے دل کی بھڑاس نکال سکیں گے۔ لیکن مقام شکر ہے کہ ان میں سے کم سے کم ایک اخبار کو اب درست راستہ دکھائی دیا ہے — یہ ہے بمبئی کا "خلافت"۔ اپنے ۳۰ اپریل کے پرچے میں اس نے لکھا ہے:

"یہ ضرور کہنا پڑتا ہے کہ شیخ عبداللہ کشمیر کے مسئلہ میں غیر ضروری جوش و خروش سے کام لے رہے ہیں۔ اگر کشمیر جیسے پیچیدہ مسئلے میں جذباتی رو سے کام لیا جائے اور سکون دماغی کے ساتھ اس کے مختلف پہلوؤں پر غور نہ کیا جائے تو اس قسم کی غلطی اور بے احتیاطی پیدا ہو جاتی ہے۔ شیخ عبداللہ کی حالیہ تقریر سے کشمیر کے مسئلہ میں ان کی پوزیشن کے متعلق کچھ اور غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں جو اگر بروقت اور مناسب طریقے سے رفع نہ کی گئیں تو ہو سکتا ہے کہ حکومت ہندوستان اور حکومت کشمیر کے تعلقات پر ناگوار اثر پڑے۔"

کاش! کہ شیخ صاحب ان الفاظ کو پڑھ سکیں اور دیکھ سکیں کہ دنیا میں ہر جگہ تقریروں کی ضرورت نہیں ہوتی اور ہر مسئلہ بھی جذباتی تقریروں سے حل نہیں ہوتا۔ [illegible]

کشمیری عوام اپنے اصولوں کو کسی بھی قیمت پر چھوڑنے کیلئے تیار نہیں شیخ عبداللہ کا اعلان

فرقہ پرست عناصر کی سرگرمیوں کیخلاف شیخ عبداللہ کا کشمیری عوام کو کڑا انتباہ

سرینگر ۲ مئی۔ ریاست جموں اور کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے آج حضرت بل میں ایک جلسہ عام کو خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا کہ کشمیری عوام ان اصولوں کو ہرگز خیرباد نہیں کریں گے جن پر وہ ماضی میں کاربند رہے ہیں۔ شیخ عبداللہ نے لوگوں کو یہ انتباہ کیا کہ وہ ریاست کے اندر اور ریاست کے باہر فرقہ پرست عناصر [illegible] دل سے محتاط رہیں جو کہ فرقہ وارانہ منافرت اور [illegible] نے کو پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ نے کہا [illegible] نے جو آزادی حاصل کی ہے۔ وہ بلا امتیاز مذہب [illegible] لاکھ کشمیری عوام کیلئے ہے۔ آپ نے کہا کہ فرقہ پرست ہندو [illegible] انوں کو پریم سے رہتے نہیں دیکھ سکتے۔ اور وہ ہم میں [illegible] کا بیج بونے کی کوشش کر رہے ہیں۔

[illegible] کامل و دھان کشمیر پر لاگو کروانے والوں کا خواب پورا نہ ہوگا

کشمیر کے اپ پردھان منتری بخشی غلام محمد کی تقریر

دفاع، رسل و رسائل اور امور خارجہ کے سوا تمام معاملات میں آزادی

سرینگر ۲ مئی۔ کل شام یوم مئی کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ریاست جموں و کشمیر کے اپ پردھان منتری غلام محمد نے اعلان کیا کہ ریاست کے عوام کو ہندوستان سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے شیخ محمد عبداللہ سے بڑا ہندوستان کا کوئی دوست نہیں ہے۔ اس نازک موقع پر ہر شخص کو تقریر کے لفظوں کو اچھی طرح تولنا چاہیئے۔ بخشی غلام محمد نے کہا کہ فرقہ پرست اور تخریب پسند انتشار کا بیج بونا چاہتے ہیں۔ لیکن ایسا نہیں ہونے دیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں چند [illegible] عبداللہ سے بیانات اور خیالات منسوب کر کے ہندوستان کی خدمت نہیں کر رہے۔ فرقہ پرست نہ صرف لاکھوں ہندوستانیوں کے جذبات کو مجروح کر رہے ہیں، بلکہ وہ جموں کشمیر میں شیخ عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کے جذبات کو بھی مجروح کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کو خاص حیثیت نہ صرف الحاق کے سمجھوتہ میں بلکہ بھارتیہ ودھان میں بھی دی گئی ہے اس لئے غلط فہمی یا بحث کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ کشمیر اور الحاق کی سبھا کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کو اس بات کی کوئی چنتا نہیں ہے کہ فرقہ پرست عالمگیر یا تنگ کشمیر کے مسئلہ کو کس طرح حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ان کی قسمت ان کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ بخشی غلام محمد [illegible]

[illegible] محمد کی تقریر (صفحہ ۱ سے آگے)

[illegible] کا تعلق ہے اگر وہ ٹھیک بار [illegible] کشمیریوں کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے

اپنی تقریر میں کہا ہے کہ میں یہ واضح کر دینا [illegible]

Deficit Of Rs. 1.42 Crores In Kashmir Budget

7/5/52 The Times of India

INCOME-TAX TO BE RAISED TO LEVEL IN REST OF INDIA

From Our Staff Correspondent

SRINAGAR, May 6.

PRESENTING the Budget to Kashmir's first elected Legislature, the State's Finance Minister, Mr. Girdharilal Dogra, disclosed a deficit of Rs. 141.75 lakhs, including 134.64 lakhs, for 1952-53.

Estimated receipts, he said, would be Rs. 466.03 lakhs, against an expenditure of Rs. 607.78 lakhs.

The income-tax and the super-tax are to be raised by about 10 per cent. to bring them at par with those provided for in the Indian Finance Act (1951-52). B[illegible] other fresh levy is propos[illegible]

To meet the deficit left over after the increased receipt [illegible] higher income-tax rates, [illegible] Dogra said, funds had yet [illegible] found. Money was also neede[illegible] finance capital works in progre[illegible] and for important projects [illegible] proved by the Planning Department.

CENTRAL LOAN SOUGHT

He disclosed that negotiations to get a sizeable loan from the Central Government were in progress and a supplementary Budget may be expected later to meet urgent demands.

The receipt estimates, Mr. Dogra said, would be about Rs. 16 lakhs more than the revised estimates of last year in spite of a fall in revenue. As a result of the general slump, a drop of almost Rs. 15 lakhs was feared in customs revenue. Gross increases and decreases

Continued on page 7, col. 6

The Kashmir budget for 1952-53 completes the process of bringing the State income-tax rates in line with those prevailing in India. Yet the disproportionate dependence on indirect taxes that fall heavily on the people still exists. For the leeway to be made up could not be done overnight. But the progress already effected against heavy odds is remarkable. Kashmir is perhaps the only State in India, that spends less on police than on education. Other nation-building departments in Kashmir and Jammu also are better provided for than in most other States. The electric and irrigation departments, for instance, received in the revised estimates, 13 and 12.8 per cent of revenue respectively. No other State Government in India could point out that in six years' time they increased the allocation for irrigation nearly twenty-four times. The budget reveals yet another achievement of the State Government. The transport service built up with a view to putting a curb on black-marketing and profiteering has proved a success. It has not only returned the money invested but owns today considerable assets. This success of a State service in [illegible] Kashmir and Jammu [illegible]s beyond doubt that the [illegible] of personnel is not [illegible] to State management o[illegible]

"Hindustan Standard."

Hindusthan Standard

SECULAR IDEAL WELL ROOTED IN KASHMIR

Yuvraj's Address To State Assembly

[From Our Correspondent]

SRINAGAR, May 5.

